آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز اتوار 03 جنوری 2021ء بمطابق 18 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 03

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع: فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

ملک بھر میں تعلیمی ادارے مرحلہ وار 25 جنوری سے کھولنے کی تجویز

وفاقی حکومت کے تحت ملک بھر کے تعلیمی ادارے مرحلہ وار تین حصوں میں کھولنے کی تجویز سامنے آئی ہے اور اس بار پہلے مرحلے میں ملک بھر کے پرائمری اسکولز کھولنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

چاروں صوبوں میں تعلیمی ادارے دوبارہ کھولنے کا فیصلہ ہیلتھ ایڈوائزری کی بنیاد پر کووڈ کیسز کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جائیگا، چاروں صوبوں کے وزرائے تعلیم اس کانفرنس میں شریک ہونگے رپورٹ

ملک بھر میں سکولز اور بورڈز کی سطح پر امتحانات مئی کے آخری یا پھر جون کے اوائل سے شروع کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ اس سے قبل اکیڈمک کورس ورک کی تکمیل کر لی جائے گی

اسلام آباد/کراچی (این این آئی) ملک بھر میں تعلیمی ادارے مرحلہ وار 25 جنوری سے کھولنے کی تجویز پر فیصلہ (کل) پیر کو ہوگا۔ وفاقی حکومت کے تحت ملک بھر کے تعلیمی ادارے مرحلہ وار تین حصوں میں کھولنے کی تجویز سامنے آئی ہے اور اس بار پہلے مرحلے میں ملک بھر کے پرائمری اسکولز کھولنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس تجویز پر کوئی بھی فیصلہ پیر 4 جنوری کو ہونیوالی بین الصوبائی وزرائے تعلیم کانفرنس (انٹر پروونشل ایجوکیشن منسٹرز کانفرنس) کیا جائیگا جو وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود کی زیر صدارت ہوگا اور چاروں صوبوں کے وزرائے تعلیم اس کانفرنس میں شریک ہونگے۔ کچھ ٹی وی کو موصول کانفرنس کے ایجنڈے کے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کراچی: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے بزنس کمیونٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

جو بھی فوج کیخلاف بات کرے گا اس پر چہ کٹے گا، وزیر داخلہ

اپنی بات پر قائم ہوں، استعفے نہیں دیے جائینگے، نہ الیکشن کا بائیکاٹ کریں گے نہ سینیٹ کا بائیکاٹ کریں گے، یہ لانگ مارچ ضرور کریں گے، پیر سے ہم آپ کے استقبال کی تیاری کریں گے،

اپوزیشن کے سارے استعفے لا کر میں ہیں، یہ جھوٹ بول رہے ہیں، لوگوں نے دستخط ہی نہیں کیے ہیں کرک ٹیمپل واقعہ کا سخت نوٹس لیا ہے، واقعے کے ماسٹر مائنڈ مولانا شریف سمیت 36 افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے

مولانا فضل الرحمن کی ہوائیاں اڑی ہوئی ہیں، ان کو اسلام اور اسلام آباد میں فرق رکھنا چاہیے، ملک میں تمام مذہبی اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرنا ہماری حکومتی ذمہ داری ہے، شیخ رشید کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ جب تک میں وزیر داخلہ ہوں جو کوئی بھی فوج کے خلاف نازیبا زبان استعمال کرے گا اس پر 72 گھنٹے میں پرچہ کٹوا دوں گا، اپنی بات پر قائم ہوں، استعفے نہیں دیے جائینگے، نہ الیکشن کا بائیکاٹ کریں گے نہ سینیٹ کا بائیکاٹ کریں گے، یہ لانگ مارچ ضرور کریں گے، پیر سے ہم آپ کے استقبال کی تیاری کریں گے، مولانا فضل الرحمن کی ہوائیاں اڑی ہوئی ہیں، ان کو اسلام اور اسلام آباد میں فرق رکھنا چاہیے، ملک میں تمام مذہبی اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرنا ہماری حکومتی ذمہ داری ہے۔ تاورا کے دفتر کا دورہ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 15 لاکھ پناہ گزینوں اور 8 لاکھ افغانوں کا ڈیٹا ہے، پناہ گزینوں کو یہاں رہنے کی اجازت ہے تاہم افغان مہاجرین غیر قانونی ہیں اور ان کے بارے میں فیصلہ کیا بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے کہنے پر یاں آپ کے دباؤ پر مستعفی نہیں ہونگے

شاہ محمود قریشی

ڈی ایم 31 جنوری کا انتظار کیوں کر رہی ہے؟ ہمیں احتجاج سے کوئی ٹینشن نہیں، جو خود محتاج ہو وہ احتجاج کیا کرے گا؟، وزیر خارجہ کی گفتگو

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پی ڈی ایم کے کہنے پر یا کسی کے دباؤ پر مستعفی نہیں ہونگے، ڈی ایم 31 جنوری کا انتظار کیوں کر رہی ہے؟ ہمیں احتجاج سے کوئی ٹینشن نہیں، جو خود محتاج ہو وہ احتجاج کیا کرے گا؟۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران وزیر خارجہ مخدوم شاہ بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

مولانا نے فرمائش کی تھی کہ مجھے وزیر اعظم بنائیں ہم آپ کیلئے حاضر ہیں، فواد چوہدری

مولانا فضل الرحمن 1988 سے 2010 تک ہر حکومت کا حصہ رہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ڈیپ اسٹیٹ پر انحصار بری بات ہے اور مولانا سب سے بڑی ڈیپ اسٹیٹ کے پاس گئے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر مولانا فضل الرحمن پر تنقید کرتے بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے احتساب شہزاد اکبر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

وزیر اعظم نے سٹیل بارز کی بڑھتی قیمتوں کو دیکھنے کیلئے حکومت کے اعلیٰ عہدیداروں اور نجی شعبے پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے

کراچی (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے سٹیل بارز کی بڑھتی قیمتوں کو دیکھنے کیلئے حکومت کے اعلیٰ عہدیداروں اور نجی شعبے پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم عمران خان نے وزیر صنعت و پیداوار، چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو جاوید غنی، بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

گوادر: چینی قونصل جنرل، پارلیمنٹ کے ممبر محمد علی مجید گوادر پورٹ کے دورے کے موقع پر چائنا ٹرانس سینٹر میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ڈی ایم سے نااہل لیگ نے بے پناہ توقعات وابستہ کر رکھی ہے، شہباز گل

جیسے جیسے ملک درست سمت میں جا رہا ہے پی ڈی ایم کی تشویش میں اضافہ ہو رہا ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ اپوزیشن اتحاد (پی ڈی ایم) سے نااہل لیگ نے بے پناہ توقعات وابستہ کر رکھی ہے۔ ن لیگی سینیٹر رضا حسن اقبال کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے شہباز گل نے کہا کہ پی ڈی ایم کرپشن زدہ مشترکہ مفادات بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے لاہور جانے والی نجی ایئر لائن کی فلائٹ ہفتے میں دو مرتبہ منسوخ کر دی گئی

لاہور جانے والے مسافر رل گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے لاہور جانے والی نجی ایئر لائن کی فلائٹ ہفتے میں دو مرتبہ منسوخ کر دی گئی لاہور جانے والے مسافر رل گئے۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ سے لاہور جانے والی نجی ایئر لائن کی فلائٹ ہفتے میں دو مرتبہ منسوخ کر دی گئی اس قبل بھی یہ پرواز جھرات کو روانہ ہوئی تھی بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

2020 بلوچستان میں سوئی گیس کے صارفین پر بھاری گذرا

کوئٹہ (این این آئی) 2020 بلوچستان میں سوئی گیس کے صارفین پر بھاری گذرا گذشتہ سال کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

محکمہ پی اینڈ آر کے ذمہ داران اور ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت 46 کروڑ روپے ڈوب جانے کا خدشہ،

بیلہ (آن لائن) محکمہ پی اینڈ آر کے ذمہ داران اور ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت 46 کروڑ روپے ڈوب جانے کا خدشہ، کاکی نولا کھڑا بلیک بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ تعلیم قلات میں نان ٹیکنیکل پوسٹوں پر اسٹے آرڈر جاری کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ تعلیم قلات میں نان ٹیکنیکل پوسٹوں پر اسٹے آرڈر جاری کر دیا گزشتہ روز درخواست گزار نرگس بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

دوستانہ تجارتی زیرو پوائنٹ گیٹ کی بندش کے خلاف مظاہرہ و دھرنا

تفتان (آن لائن) پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں دوستانہ تجارتی زیرو پوائنٹ گیٹ کی بندش کے خلاف مظاہرین نے احتجاجی شاہراہ بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

جبری لاپتا افراد میں سے 3 ہزار 800 کا سراغ لگا لیا، انکوائری کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) جبری گمشدگیوں کے حوالے سے انکوائری کمیشن نے کہا ہے کہ ملک میں جبری طور پر لاپتا کیے جانے والے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد ہائی کورٹ نے جبری مشقت کرنے کے خلاف کمیشن قائم کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے جبری مشقت کرنے کے خلاف کمیشن قائم کر دیا۔ ہفتہ کو جسٹس اطہر من اللہ کی جانب سے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

مہنگی ایل این جی، 30 ارب سے زائد نقصان کے بعد حکومت نے پالیسی پر نظر ثانی شروع کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے مہنگی ایل این جی خرید کر قومی خزانے کو 30 ارب سے زائد کا نقصان پہنچانے کے بعد اپنی بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ہائیکورٹ نے خاتون کا شناختی کارڈ بلاک کرنے کے کیس میں نادرا پر ہرجانہ عائد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) ہائیکورٹ نے خاتون کا شناختی کارڈ بلاک کرنے کے کیس میں نادرا پر ہرجانہ عائد کر دیا ہے۔ ہفتہ بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس سے مزید 82 افراد جاں بحق 2184 نئے کیسز رپورٹ

24 گھنٹوں کے دوران 38 ہزار 229 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 67 لاکھ 75 ہزار 307 ہوگئی ہے

اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 35 ہزار 130 ہوگئی ہے۔ جب کہ 2 ہزار سے زائد مریضوں کی حالت تشویشناک ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس سے ایک دن میں 82 افراد جاں بحق ہو گئے نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 38 ہزار 229 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 67 لاکھ 75 ہزار 307 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 184 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 84 ہزار 362 ہوگئی ہے۔ سرکاری بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

برطانوی کار کمپنی ایم جی پاکستان میں لانچ کر دی گئی

ایم جی جے ڈبلیو آٹو موبائل پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی، وزیر اعظم

پاکستان میں حکومت کی اچھی پالیسیوں کی وجہ سے معیشت درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے، جاوید آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) برطانوی کار کمپنی ایم جی پاکستان میں لانچ کر دی گئی جس کی تقریب وزیر اعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ ایم جی جے ڈبلیو آٹو موبائل پاکستان کی لانچنگ کی تقریب کے مہمان خصوصی وزیر اعظم عمران خان تھے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت معیشت اور آٹو موبائل انڈسٹری کے فروغ کے لیے کوشاں ہے، برطانیہ کی موٹر کمپنی ایم جی کا پاکستان میں آنا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم جی جے ڈبلیو آٹو بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

حکمرانوں کی فرسودہ پالیسیاں جاری رہیں تو خدانخواستہ ملک ڈیفالٹ کر جائے گا، سراج الحق

فرد اور معاشرہ کی اصلاح کر کے پاکستان میں اس نظام کا قیام عمل لانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی فرسودہ پالیسیاں جاری رہیں تو خدانخواستہ ملک ڈیفالٹ کر جائے گا۔ ثابت ہو گیا کہ موجودہ اور سابقہ حکمران پارٹیاں عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو گئیں، پی ٹی آئی کے تبدیلی کے دعوے بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

منشیات سمگلنگ کی روک تھام اولین ترجیحات میں شامل ہے، اعجاز شاہ

کوئی بھی ملک اداروں کے درمیان مکمل کوارڈینیشن کے بغیر منشیات سے پاک معاشرے کو تشکیل نہیں دے سکتا، وفاقی وزیر انسداد منشیات

منشیات کے نقصانات سے متعلق آگہی اور لوگوں کی بحالی پر کام کرنا انتہائی اہم ہے، ایران کی جانب سے تعاون کی پیشکش خوش آئند ہے،

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ نے کہا ہے کہ کوئی بھی ملک اداروں کے درمیان مکمل کوارڈینیشن کے بغیر منشیات سے پاک معاشرے کو تشکیل نہیں دے سکتا، منشیات کے نقصانات سے متعلق آگہی اور لوگوں کی بحالی پر کام کرنا انتہائی اہم ہے، منشیات کی سمگلنگ کی روک تھام بھی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وفاقی وزیر انسداد منشیات اعجاز احمد شاہ نے غیر نجی خبر رساں ادارے کو خصوصی انٹرویو دیا۔ انٹرویو کا انعقاد ایرانی انسداد منشیات پولیس کے سربراہ بریگیڈیر جنرل مجید کریمی کے دورہ پاکستان کے سلسلے میں کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے انٹرویو میں کہا کہ کوئی بھی ملک اداروں کے درمیان مکمل کوارڈینیشن کے بغیر منشیات سے پاک معاشرے کو تشکیل نہیں دے سکتا۔ انہوں نے کہا کہ میں بطور ریجنل ڈائریکٹر اے این ایف اپنے فرائض سرانجام دے چکا ہوں بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

تنخواہوں سے متعلق خواجہ آصف کے پاس کوئی دستاویز نہیں، شہزاد اکبر

خواجہ آصف، رانا ثنا اللہ، اور شہباز شریف کے اثاثے بڑھنے کا ایک ہی طریقہ کار ہے

خواجہ آصف قانونی طور پر اپنی جنگ لڑیں، عوام کو گمراہ نہ کریں، معاون خصوصی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے احتساب شہزاد اکبر نے کہا ہے کہ خواجہ آصف، رانا ثنا اللہ، اور شہباز شریف کے اثاثے بڑھنے کا ایک ہی طریقہ کار ہے، خواجہ آصف نے بھی اپنے قائد کی طرح ٹی ٹی کا طریقہ کار اپنایا ہے، خواجہ آصف کی تنخواہ کی مد میں 14 کروڑ روپے ملنے کا ثبوت دکھائیں، ان کی ساری رقم دبئی کے اکاؤنٹ میں کیش ہیں، تنخواہوں سے متعلق خواجہ آصف کے پاس کوئی دستاویز نہیں۔ ہفتہ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بہادر خواتین اور نوجوان قومی سرمایہ ہیں، آئی جی ایف سی

ایف سی بلوچستان کا کردار بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہمیشہ مثالی رہا ہے

لورالائی (خ ن) آئی جی ایف میجر جنرل فیاض حسین شاہ نے کہا ہے کہ بہادر خواتین اور نوجوان قومی سرمایہ ہیں۔ آج کا دن ہمارے لیے فخر کا دن ہے کہ آپ سب جوانوں نے اپنی تربیت شاندار طریقے سے مکمل کر لی ہے اور پروقار طریقے سے پاس آؤٹ ہو رہے ہیں اس پر مسرت اور عملی زندگی کے یادگار موڑ پر میں آپ سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے لورالائی میں فرنٹیئر کور ایف ٹریننگ سینٹر کے زیر اہتمام 64 ویں فرنٹیئر ریکروٹس بیچ کے پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی۔ ڈی ایس پی لورالائی چیف انسٹرکٹر آف بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور خان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

غداری کا مقدمہ مفتی کفایت اللہ پر نہیں عمران خان پر بنتا ہے، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے ترجمان نے کہا ہے کہ غداری کا مقدمہ مفتی کفایت اللہ پر نہیں عمران خان پر بنتا ہے۔ مفتی کفایت اللہ کے بھائی، بہنوں اور دیگر اہلخانہ کی گرفتاری پر ترجمان جے یو آئی نے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئی ہے، اسلم غوری نے کہا کہ مفتی کفایت اللہ نے بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے بعد دیگر چھوٹی جماعتوں سے بھی اہم حلقوں کے رابطے

گرینڈ ڈائیلاگ کے حوالے سے کئی جماعتوں نے نرم گوشے کا اظہار کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے بعد دیگر چھوٹی جماعتوں سے بھی اہم حلقوں کے رابطوں کا انکشاف ہوا ہے۔ پی ڈی ایم اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گرینڈ ڈائیلاگ کے حوالے سے کئی جماعتوں نے نرم گوشے کا اظہار کیا ہے۔ مسلم لیگ ن نے گرینڈ مذاکرات کو چال قرار دے دیا جس کی مولانا فضل الرحمان نے بھی تائید کی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے سینٹ انتخابات میں حصہ لینے پر اصرار کیا جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، سکواڈ کی فائرنگ سے 22 سالہ نوجوان جاں بحق، پانچ اہلکار گرفتار

آئی جی کانسٹیبلز ڈی آئی جی آپریشنز وقار الدین سید کی نگرانی میں دو تحقیقاتی ٹیمیں تشکیل دے دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں اندوہ دہشت گردی سکواڈ کی فائرنگ سے 22 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا، پولیس نے اندوہ دہشت گردی فورس کے 5 پانچ اہلکاروں کو حراست میں لے لیا، آئی جی نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز وقار الدین سید کی نگرانی میں دو تحقیقاتی ٹیمیں تشکیل دے دی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ رمنا کے علاقہ بی ٹین میں گزشتہ رات گشت پر مامور پولیس اہلکاروں نے ایک کار کو مشکوک سمجھ کر روکنے کی کوشش کی جس پر کار ڈرائیور نے پولیس اہلکاروں بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

حقوق تو دور کی بات ہے آواز اٹھانا بھی مشکل ہو گیا، نواب ایاز جوگیزئی

لورالائی (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر چیف آف پشتون نواب ایاز جوگیزئی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو 73 سالوں سے جس طرح چلایا گیا آج سب کو پتہ ہے کہ ملک کو کس سطح پر پہنچا دیا گیا۔ اگر تمام ادارے اپنی آئینی دائرے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن نے نواز شریف کے مفادات کیلئے سینئر ارکان کو پارٹی سے نکالا، کانٹ چھانٹ کا پہلا نشانہ مولانا فضل الرحمن بن چکے ہیں حافظ حسین احمد

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) سے نکالے گئے رہنما حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن نے نواز شریف کے مفادات کیلئے سینئر ارکان کو پارٹی سے نکالا۔ حافظ حسین احمد نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ ہم نے جے یو آئی میں کانٹ چھانٹ کا سلسلہ شروع کر دیا ہے، کانٹ چھانٹ کا پہلا نشانہ مولانا فضل الرحمن بن بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

افراد باہم معذوری کو معاشرے کا حصہ بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، عارف علوی

ہمیں پی ڈبلیو ڈی کے لئے چیریٹی پر مبنی اپروچ کے بجائے رائٹس پر مبنی اپروچ اپنانے کی ضرورت ہے، سندھ بزنس چیمبر کے وفد سے گفتگو

برآمدی صنعتوں کے لئے خام مال پیدا کرنے والی صنعتوں کو بھی شامل کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ انہیں ترجیحی بنیادوں پر بھی توانائی کی کافی فراہمی فراہم کی جا سکے

کراچی (این این آئی) صدر ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ افراد باہم معذوری کو معاشرے کا حصہ بنانے اور مارکیٹ میں ملازمت کے قابل بنانے کے لئے ضروری تکنیکی مہارت اور استعداد کار بڑھانے کے لئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پی ڈبلیو ڈی کے لئے چیریٹی پر مبنی اپروچ کے بجائے رائٹس پر مبنی اپروچ اپنانے کی ضرورت ہے۔ صدر نے یہ باتیں ہفتہ کو سندھ بزنس چیمبر کے ممبران کے ساتھ ایک اجلاس کی بات چیت کرتے ہوئے کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ برآمدی صنعتوں کے لئے خام مال پیدا کرنے والی صنعتوں کو بھی شامل کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ انہیں ترجیحی بنیادوں پر بھی توانائی کی کافی فراہمی فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے ریکارڈ کو دیئے گیس کی فراہمی کے مسئلے کو حل کرنے تک ایل این جی گیس بھی استعمال کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے پی ڈبلیو ڈی کو ضروری مہارت فراہم کرنے اور انہیں صنعت کے مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقع کے قابل بنانے کے لئے تربیتی مراکز کے ساتھ رابطہ بڑھانے کی بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

معذور افراد کو معاشی اور معاشرتی عمل کا حصہ بنانے کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، ثمینہ علوی

کراچی (این این آئی) خاتون اول ثمینہ علوی نے کہا ہے کہ معذور افراد کو معاشی اور معاشرتی عمل کا حصہ بنانے کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، اس کے لیے بزنس کمیونٹی سمیت معاشرے کے تمام طبقات اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) سے خطاب کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقعے پر بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اپوزیشن تحریک فیصلہ کن مراحل میں داخل ہو چکی ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

حکومتی بوکھلاہٹ اور کردار کشی مہم سے واضح ہو چکا کہ غبارے سے ہوا نکل چکی ہے

21 جنوری کو اہلیان کراچی اسرائیل نامنظور مارچ کے ذریعے فلسطینی مسلمانوں سے یکجہتی کا اظہار کریں گے

کراچی (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر اور پی ڈی ایم کے مرکزی رہنما سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ فلسطین انبیا کی مقدس سرزمین اور امت مسلمہ کے عقیدتوں کا مرکز ہے، 21 جنوری کو اہلیان کراچی تاریخ ساز اسرائیل نامنظور مارچ اور جلسہ عام کے ذریعے فلسطینی مسلمانوں سے یکجہتی کا مثالی اظہار کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں جے یو آئی سندھ کے سیکرٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو سے ان کے برادر نسبتی کے انتقال پر تعزیت بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

مریم نواز کے کہنے پر کوئی مسلم لیگی استعفے نہیں دے گا، غلام سرور خان

مسلم لیگ (ن) میں واضح دراڑ، گروپ بندی موجود، پی ڈی ایم کا شیرازہ بکھر چکا ہے، شامل جماعتیں ایک صفحے پر نہیں،

رواں سال عالم اسلام بالخصوص پاکستان کیلئے بہتری کا سال ہوگا، انتخابات 2023 میں ہونگے، وفاقی وزیر ہوابازی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) میں واضح دراڑ اور گروپ بندی موجود ہے، مریم بی بی کے کہنے پر کوئی مسلم لیگی استعفے نہیں دے گا، پی ڈی ایم کا شیرازہ بکھر چکا ہے، شامل جماعتیں ایک صفحے پر نہیں، رواں سال عالم اسلام بالخصوص پاکستان کیلئے بہتری کا سال ہوگا، انتخابات 2023 میں ہونگے، اگر ہم عوام کے اعتماد پر پورا نہ اتر سکے تو ان کے پاس حق ہوگا، وہ بہتر فیصلہ کریں گے۔ راولپنڈی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر ہوابازی نے کہا کہ پاکستان ڈیمو کریک موومنٹ میں تمام جماعتیں ایک صفحے پر بھی نہیں ہیں، پی ڈی ایم میں ایک بڑی سیاسی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کی سندھ میں حکومت ہے اور وہ بھی استعفیٰ نہیں دے گی جبکہ مسلم لیگ کا بھی ایک بہت بڑا دھڑا استعفیٰ نہیں دے گا۔ انہوں نے کہا بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

براڈشیٹ کیس، برطانوی فرم نے پاکستان سے 29 ملین ڈالر ملنے کی تصدیق کر دی

لندن (این این آئی) اثاثہ جات ریکوری سے متعلق برطانوی فرم براڈشیٹ نے حکومت پاکستان سے 29 ملین ڈالر ملنے کی تصدیق کرتے ہوئے بقیہ رقم کا بھی مطالبہ کر دیا ہے۔ لندن ہائیکورٹ کے حکم پر حکومت پاکستان نے برطانوی فرم براڈشیٹ کو یہ رقم ادا کی ہے تاہم فرم کا مؤقف ہے کہ 3 ملین بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کا کلی سردہ پیین کاریز مارواڑ اور دیگر علاقوں میں ریلیف آپریشن

وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر داخلہ کے احکامات پر اہل علاقہ میں ضروری سامان تقسیم کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ پروٹوکل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ کا کلی سردہ پیین کاریز مارواڑ اور دیگر علاقوں میں ریلیف آپریشن وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر داخلہ کے احکامات پر اہل علاقہ میں ضروری سامان تقسیم کیا گیا گزشتہ روز ڈپٹی ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے فیصل طارق اور اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ صدر خیر البلوچ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال اور صوبائی وزیر داخلہ / پی ڈی ایم اے میر ضیا اللہ لانگو کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ کے علاقے کلی سردہ پیین کاریز، کلی زرغون و دیگر علاقوں میں ریلیف آپریشن کے دوران بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

لورالائی: آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل فیاض حسین شاہ پریڈ کے معائنے کے موقع پر سلامی لے رہے ہیں

عمران خان پہلے استعفیٰ دیں بعد میں دیکھیں گے کس سے مذاکرات کرنے ہیں، فضل الرحمن

عسکری قیادت کیخلاف بیانات پر ایف آئی آر درج ہونے کے 72 گھنٹے بعد آپکی وزارت نہیں رہے گی، فضل الرحمان

اگر اسٹیبلشمنٹ سیاست میں مداخلت کرے گی تو ڈنکے کی چوٹ پر مخالفت اور بات کریں گے، پی ڈی ایم کے صدر کی گفتگو

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے امیر و پی ڈی ایم کے صدر مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عسکری قیادت کیخلاف بیانات پر مقدمات قائم کرنے کی دھمکیاں دینے والے یہ ذہن میں رکھیں کہ ایف آئی آر درج ہونے کے 72 گھنٹے بعد آپ کی وزارت نہیں رہے گی، اگر اسٹیبلشمنٹ سیاست میں مداخلت کرے گی تو ڈنکے کی چوٹ پر مخالفت اور بات کریں گے، عمران خان پہلے استعفیٰ اس کے بعد دیکھیں گے کس سے مذاکرات کرنے ہیں، پرویز مشرف اور نواز شریف کیلئے ملک میں الگ الگ قانون ہے، مشرف

www.dailyshal.com

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

03 جنوری 2021ء

این آر او نہیں، قومی ڈائیلاگ ہونا چاہئے

وزیراعظم عمران خان ''کرپشن پر این آر او نہ دینے'' کے روزاول والے موقف پر قائم ہیں جس میں معمولی لچک بھی نہیں بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ اس موقف میں مزید پختگی پیدا ہوتی جارہی ہے۔ دوسری طرف پیپلزپارٹی اور مسلم لیگ (ن) سمیت پی ڈی ایم میں شامل تمام اپوزیشن جماعتیں بھی حکومت کیخلاف سخت ترین موقف اپنائے ہوئے ہیں ایسی صورتحال میں جمہوریت کو درپیش ممکنہ خطرات کو بھانپتے ہوئے بعض سنجیدہ شخصیات اور حلقوں کی طرف سے ''قومی ڈائیلاگ'' کی بات بھی کی جارہی ہے اس سلسلے میں گزشتہ روز صدر مملکت ڈاکٹر عارف الرحمن علوی نے بھی کہا ہے کہ ''قومی ڈائیلاگ میں حرج ہے نہ کرپشن پر بات یا سمجھوتہ ہوگا' وزیراعظم استعفے کے مطالبہ کا بھی جواز نہیں' ڈائیلاگ کے لیے سپیکر قومی اسمبلی ہی کوئی راہ نکالیں گے۔'' بلاشبہ سیاسی مسائل اور اختلافات کے حل کی جگہ پارلیمنٹ ہی ہے موجودہ صورتحال بھی اسی کی متقاضی ہے۔ تاہم اپوزیشن رہنماؤں کو بھی فوج سمیت تمام قومی اداروں کی عزت اور ساکھ کا خیال رکھنا چاہئے کیونکہ مسلح افواج کی قربانیوں سے ہی ملک میں امن واستحکام کی شمع روشن ہے۔ قومی ڈائیلاگ کے ذریعے معاملات طے ہونے چاہئیں۔ جبکہ کرپشن سے متعلقہ معاملات اور این آر او پر بے شک سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا تاہم ''قومی ڈائیلاگ'' والی ''آواز خلق'' کو بھی سنا جائے۔

مولانا محمد علی جوہر رحمۃ اللہ علیہ

ڈاکٹر ساجد خاکوانی

گزشتہ صدی کے آغاز میں برطانیہ دنیا کا سب سے بڑا طاغوتی سامراج بن کر ابھرا تھا۔ جس ریاست میں سورج غروب نہیں ہوتا تھا اس میں شام ظلم بھی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ مشرق سے مغرب تک تاج برطانیہ کی مار دھاڑ اور لوٹ کھسوٹ، سیکولرازم اور لبرل ازم کا کوڑا ان کرانسانیت کی پشت پر برستا چلا جا رہا تھا اور اس جنگلی درندے کا من بھاتا کھاجا قوموں کی آزادی تھا جو ''لڑاؤ اور حکومت کرو'' کی چکی میں پیس پیس کر کھانے کے باوجود اس سرمایادارانہ سودخور کے پیٹ کا ایندھن بھرے جانے سے قاصر تھا۔ جرمنی نے جب اس عالمی استبداد کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تو سلطنت عثمانیہ نے کھل کر جرمنی کا ساتھ دیا۔ مسلمانان ہندوستان میں پریشانی کی لہر دوڑ گئی کہ متوقع کامیابی کے بعد برطانوی انسانیت دشمن ومتعصبانہ ذہنیت سلطنت عثمانیہ سمیت تبرکات ومقدسات امت مسلمہ کے ساتھ بھی کوئی اچھا سلوک نہیں کرے گی۔ ہندوستان کے محاکمین اسلامیہ کے ایک وفد نے اس ضمن میں اس وقت کے برطانوی وزیراعظم ''لائڈ جارج'' سے ملاقات کی اور اس سے احترام شعائر امت مسلمہ کا وعدہ لیا۔ برطانوی وزیراعظم نے عہد کیا کہ مسلمانوں کے مقدس مقامات کی توہین نہیں ہوگی، سلطنت عثمانیہ برقرار رہے گی اور بلاد مقدسہ بھی خلیفہ مسلمین کے زیر انتظام رہیں گے۔ مشہور مثل ہے کہ فرعون آج بھی زندہ ہے۔ تاج برطانیہ کی فتح کے شادیانوں میں یہ وعدے تحلیل ہوگئے اور فرعون ایک بار اپنے وعدہ خلافی کی صورت میں زندہ ہوگیا۔ ہندوستان کے مسلمانوں نے ''تحریک خلافت'' کے نام سے ایک بہت بڑی مہم برپا کی تاکہ مکار وعیار گورے کو اس کے عہد وپیمان یاد دلائے جائیں۔ اسی تحریک خلافت سے پھر تحریک آزادی ہند نے جنم لیا اور انگریز اپنا بستر بوریا باندھ کر یہاں سے رخصت ہونے پر مجبور ہوگیا۔ اس ''تحریک خلافت'' کے روح رواں اور باسبان برصغیر پاک و ہند کے محسن اعلیٰ ''جناب مولانا محمد علی جوہر رحمۃ اللہ علیہ'' تھے۔

مولانا محمد علی جوہر دور غلامی میں جنم لینے کے باوجود ہندوستانیوں کے عظیم راہنما تھے۔ صوبہ اترپردیش کی مشہور ریاست ''رام پور'' میں پیدا ہوئے بتاریخ پیدائش 10 دسمبر 1878ء ہے۔ دو سال کی بہت چھوٹی عمر میں شفقت پدری سے محروم ہوگئے۔ صرف والدہ کی زیر سرپرستی پرورش پائی۔ ابتدائی تعلیم پہلے اپنی جنم بھومی رام پور میں حاصل کی اور سب سے پہلے قرآن مجید پڑھنا سیکھا اور اس کے بعد ایک سرخ داڑھی والے استاد محترم سے فارسی کی شدبدھ حاصل کی اور کچھ عرصہ رام پور کے سرکاری مدرسے میں بھی زیر تعلیم رہے۔ آپ کے دو بڑے بھائی شوکت علی اور ذوالفقار علی رام پور سے چالیس کلومیٹر دور بریلی شہر کے ایک بڑے تعلیمی ادارے میں پڑھتے تھے۔ تب آپ کو بھی ان کے ساتھ شہر بریلی میں دارالاقامہ کے اندر منتقل کر دیا گیا اور یوں آپ کے اسفار علمیہ کا آغاز ہوا۔ آپ کی علمی ذہانت بریلی میں ظاہر ہونا شروع ہوگئی تھی اور نصابی و ہم نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں ہم جولیوں سے کہیں آگے کی کارکردگی پیش کرتے تھے۔ لیکن بریلی میں آپ کا قیام زیادہ عرصہ نہ رہا کیونکہ آپ کے بڑے دونوں بھائی علی گڑھ چلے گئے تھے تو آپ کو بھی ان کے ساتھ وہیں منتقل ہونا پڑا تاکہ تینوں بھائی اکٹھے تعلیم حاصل کر پائیں۔ پس آپ نے علی گڑھ کے مشہور تعلیمی ادارے میں داخلہ لے لیا اور آٹھ سال کے اس تعلیمی عرصے میں حسب سابق نمایاں کامیابیاں حاصل کیں اور خاص طور پر 1896 کے امتحانی نتائج میں بی اے کی سطح پر صوبے بھر میں اول قرار پائے۔ آپ کے اساتذہ نے اسی دوران پیشین گوئی کر دی تھی کہ محمد علی بہت بڑا ادیب بنے گا جو بعد میں سچ ثابت ہوئی۔ ابھی طلب علم باقی تھی تو اپنی تشنگی کو سیرابی میں بدلنے کے لیے ولایت کے مشہور زمانہ آکسفورڈ کالج کا رخ کر لیا۔ اس کالج میں دوران قیام یہ ذہین اور شاعری کے جذبات رکھنے والا بے حد حساس نوجوان نفسیاتی طور پر بہت زیادہ برہم رہا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ ہندوستان میں ایک غلام قوم کے فرد تھے اور اب انگلستان میں انہوں نے ایک آزاد قوم کے شعائر بے نیازی کا بہت قریب سے مشاہدہ کیا۔ اپنی قوم کے لیے آزادی کی تڑپ نے انہیں بے انتہا بے چین کر دیا یہاں تک کہ بہترین تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والا صف اول کا طالب علم یہاں پر تعلیمی امتحانات میں ناکامی کا منہ دیکھنے پر بھی مجبور ہوگیا۔ وہ ہر وقت اپنی قوم کی ذہنی وتعلیمی وسماجی غلامی پر کڑھتے رہتے تھے اور ان کا قائدانہ ذہن مستقبل کے منصوبے بناتا رہتا تھا۔

مسلسل ناکامیوں اور جذباتی عدم مطابقت کے باعث آپ کو ہندوستان میں واپس بلا لیا گیا۔ ماں سے بہتر کون اپنے بچے کو جان سکتا ہے چنانچہ ماں نے بار دیگر ذہن سازی کی اور ڈوبتے ہوئے اس نونہال کو گہرائی سے کھینچ کر طوفانوں سے مقابلہ کرنا سکھایا۔ اسی دوران ''امجدی بیگم'' ان کی شریک حیات قرار پا گئیں۔ طبیعت متوازن ہوئی تو آپ کو دوبارہ انگلستان بھیج دیا گیا۔ اب کی بار ماں کی تربیت نے وہ جوہر دکھائے کہ محمد علی کو محمد علی جوہر بنا دیا۔ آپ آکسفورڈ سوسائٹی کے رکن منتخب ہوگئے اور یہ منصب پہلی دفعہ کاتب تقدیر نے کسی ہندوستانی کی قسمت میں لکھا تھا۔ تکمیل تعلیم کے بعد ہندوستان میں آئی سی ایس جو کہ مقابلے کا امتحان تھا اس میں کامیابی کے بعد رام پور کے اندر سرکاری ملازمت پر فائز ہوئے۔

انگریزی نوکری طبیعت میں غلجان کا باعث بنی تو میدان صحافت کا انتخاب کیا حالانکہ اس زمانے میں سرکاری نوکری بہت بڑی کامیابی سمجھی جاتی تھی لیکن ذہنی آزاد فرد کو غیر قوم کی چاکری کیونکر راس آتی۔ صحافت کے لیے مقصد کے لیے کلکتہ شہر کا انتخاب عمل میں آیا اور ''کامریڈ'' نامی اخبار نکالا۔ یہ اخبار اپنے دور کا صف اول کا اخبار تھا اور اردو اور انگریزی پر مولانا کی زبردست گرفت کے باعث ملک میں اور ملک سے باہر بھی بڑی کثرت سے پڑھا جاتا تھا۔ ہندوستان میں برطانوی محلہ اور برطانیہ کے رہنے والے بھی بہت شدت سے اس اخبار کے منتظر رہتے تھے اور بہترین زبان دانی اور انشاء پردازی سے محظوظ ہوتے تھے۔ صحافت کو آپ کے ادبی پس منظر نے چار چاند لگا دیے تھے۔ آپ نے دس سال کی عمر میں شعر کہنے شروع کر دیے تھے۔ آپ کی خوش قسمتی تھی علی گڑھ قیام کے دوران آپ کو سجاد حیدر یلدرم اور حسرت موہانی کی صحبتیں میسر رہیں اور ان کی اصلاح سے آپ کا شعری ذوق ارتقاء کی منازل تیزی سے طے کرتا رہا۔ صحافت میں ''کامریڈ'' کے کامیاب تجربے کے بعد ایک اور اخبار ''ہمدرد'' بھی جاری کیا اور قومی و بین الاقوامی سطح پر بڑے دبنگ وجرائتمند لکھاری بن کر ابھرے۔

تحریک خلافت کی قیادت مولانا محمد علی جوہر کا وہ کارنامہ ہے جو صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ اسی تحریک کی وجہ سے ترکی کے عوام ہندوستانی مسلمانوں سے بے حد محبت اور بے انتہا احترام کرتے ہیں۔ دور غلامی کی باقیات کے بعد بہت جلد جب اسلامی دنیا میں خلافت اسلامیہ کے ادارے کی تاسیس نو ہوگی تو اس کی بنیادوں میں تحریک خلافت اور اس کی قیادت کی کاوشیں اظہر من الشمس ہوں گی۔ مولانا محمد علی جوہر اس تحریک کی قیادت میں تنہا نہیں تھے، ان کے سگے بھائی مولانا شوکت علی بھی یمین ویسار ان کے ہم رکاب تھے، ان دونوں کو ''علی برادران'' کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ اور دونوں بھائیوں کی اتنی بڑی تاریخ ساز قربانیوں کی پشت پر ان کی والدہ محترمہ کی دینی فکر اور مذہبی تربیت کارفرما تھی۔ ان محترمہ نے امت کو دو ایسے سپوت فراہم کیے جنہوں نے اپنی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت تائید ایزدی سے تاریخ کا بڑھتا ہوا دھارا پلٹ دیا۔ ماں کی گود بچے کی اولین درس گاہ ہوتی ہے، ماں کی لوریاں بچے کے ذہن میں پتھر پر لکیر کی طرح ثبت ہو جاتی ہیں، بچے کا دماغ خالی سلیٹ کی طرح ماں کے سامنے کھلا ہوتا ہے، چاہے تو میر جعفر اور میر صادق بنا دے اور چاہے تو مولانا جوہر علی اور مولانا شوکت علی بنا دے۔ مولانا محمد علی جوہر نے تحریک خلافت کے دوران بہت برے حالات دیکھے۔ آپ برطانوی وزیراعظم سے ملے اور حکومت برطانیہ کا معاہدہ یاد دلایا لیکن برطانوی قیادت مکر گئی، اس کے بعد آپ نے یورپ کے دیگر ممالک کا بھی دورہ کیا لیکن ہر جگہ ناکامی منہ چڑاتی رہی کیونکہ ''الکفر ملۃ واحدۃ''۔ اپنے وطن میں ہندوؤں نے اپنے مطلب کی خاطر اتحاد کیا لیکن جب کبھی بھی قربانی کا موقع آتا تو برہمن بڑی صفائی سے کنارہ کر لیتا اور پولیس کے ڈنڈے اور انگریز کی عدالتوں سے دار ورسن کی عقوبات مسلمان قیادت کو بھگتنی پڑتیں۔ اسی لیے مولانا محمد علی جوہر تحریک خلافت کے دوران بہت عرصہ پس دیوار زنداں رہے۔

مولانا ذیابیطس کے مریض تھے اور مسلسل مصروفیت کے باعث مرض بڑھتا چلا جا رہا تھا۔ 1920ء میں کراچی جیل کے اندر آپ کی داہنی ٹانگ میں سوزش پیدا ہو چکی تھی، عدم آرام اور مسلسل سفر وقید وبند کی وجہ سے کوتاہی علاج کے باعث اس مرض میں اضافہ ہی ہوتا چلا گیا۔ 1926ء میں مکہ مکرمہ کے اندر جب موتمر عالم اسلامی کا دوسرا اجتماع جاری تھا تو آپ کے جسم کا بایاں آدھا حصہ ذیابیطس گھٹنے تک مفلوج رہا۔ 1928ء میں آپ بغرض علاج ولایت بھی گئے لیکن مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ 1930ء کی گول میز کانفرنس لندن میں آپ نے بہت جذباتی خطاب کیا اور کہا کہ میرے وطن کو آزاد کرو، میں اب غلام قوم میں واپس نہیں جاؤں گا۔ چند ہی دنوں کے بعد 4 جنوری کو آپ داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ آپ کو فلسطین جیسی ارض مقدس میں امانتاً دفنا دیا گیا۔ روح جوہر کو یہ خوش خبری ہو کہ اس کی ارض پاک سے غلامی کے مہیب وحنوس کرداروں کے سائے لپٹے ہو چکے ہیں اور بس کچھ ہی دیر میں خاور خلافت علی منہاج نبوت طلوع ہوا کہ ہوا اور اے روح مقدس تو اپنے جسد خاکی کو لے کر اپنے وطن اصلی کی طرف لوٹ آئے کی اور مولانا کی وصیت کے مطابق وہ صحیح معنوں میں آزاد اسلامی ریاست میں بہت جلد آسودہ خاک ہوں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

خواجہ سعد رفیق، علی جہانگیر بدر اور حافظ نعیم الرحمن !!!!!

محمد اکرم چوہدری

سیاست کے سینے میں دل نہیں ہوتا اور سیاست دان پتھر دل ہوتے ہیں۔ ہماری سیاسی تاریخ میں بہت سے ایسے واقعات ملتے ہیں جہاں یہ محاورہ عین سچ ثابت ہوتا ہے۔ ہمارے سیاستدانوں نے ہر دور میں ذاتی مفادات کو ترجیح دی ہے، عوامی سیاست کے نام پر مال اکٹھا کیا ہے۔ عوام کو چھوٹے موٹے ترقیاتی منصوبوں کے پر خوش کر کے خود کروڑوں اربوں بنائے ہیں۔ سیاست میں آنے کے بعد، طرز زندگی، گاڑیاں، بنگلے، زمینیں، فیکٹریاں لگائیں، سرکاری اداروں کو کمزور و ناکام بنا کر پرائیویٹ اداروں کو پھلنے پھولنے کا موقع دے کر پیسے بنائے، حکمرانوں کے کاروبار پھلتے پھولتے رہے اور سرکاری ادارے کمزور ہوتے گئے۔ گذشتہ تیس برسوں میں ہر بڑا سرکاری ادارہ خسارے اور تباہی کی داستان بنا نظر آتا ہے لیکن اسی عرصے میں حکمران طبقے اور ان سے تعلق رکھنے والوں کے کاروبار ترقی کرتے رہے ہیں۔ یہ ہماری سیاسی تاریخ کا تاریک پہلو ہے۔ اسی پہلو سے جڑا ایک واقعہ آج قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ یہ واقعہ پڑھ کر آپکو اندازہ ہوگا کہ آغاز سیاست کیسا ہوتا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ سب کچھ کیسے بدل جاتا ہے۔

خواجہ سعد رفیق کے نام سے آپ سب واقف ہوں گے۔ آپ کا تعلق مسلم لیگ نون سے ہے بھرپور سیاسی کیریئر ہے۔ مسلم لیگ نون کے آخری دور حکومت میں وزیر ریلوے رہے۔ یہاں انہوں نے اچھا کام کیا بعد میں یقیناً شیخ رشید ناکام وزیر ریلوے ثابت ہوئے یہی وجہ ہے کہ ٹرین پر سفر کرنے والے آج خواجہ سعد رفیق کو یاد کرتے ہیں۔ میں بھی خواجہ سعد رفیق کا احترام کرتا ہوں اور یہ سمجھتا ہوں کہ وہ حقیقی سیاسی کارکن ہیں۔ وہ ایسے سیاست دان ہیں جو نچلی سطح سے شروع ہو کر قومی اسمبلی تک پہنچے۔ قومی اسمبلی تک جانے کا یہی سب سے بہتر طریقہ ہے۔ وہ نچلی سطح پر جماعت کو منظم کرنے، کارکنان کو متحرک کرنے اور انہیں گھروں سے نکال کر سڑکوں پر لانے کے فن سے بخوبی واقف ہیں۔ عوام میں رہتے ہیں یہی ان کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ خواجہ سعد رفیق پر مختلف کیسز بھی رہے ہیں ان کیسز میں کتنی سچائی ہے اس کا فیصلہ تو وقت کرے گا لیکن جو واقعہ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں یہ ان کی والدہ کی اپنے بیٹے سے محبت اور اسے سیدھے راستے پر قائم رکھنے کی ایک ایسی کوشش ہے جو صرف ایک ماں ہی کر سکتی ہے۔ سعد رفیق کسی دور میں اپوزیشن کی احتجاجی تحریک میں گرفتار ہوئے۔ ان کے ساتھ نون لیگ کے دیگر سیاسی رہنما بھی گرفتار ہوئے تو ایک مرتبہ ان کی والدہ عدالت پیشی پر پیارے بیٹے کے لیے کھانا لے کر پہنچ گئیں۔ وہاں موجود لوگوں نے پوچھا۔ آپا جی خیریت سے آئی ہیں تو انہوں نے کہا کہ سعد کے لیے کھانا لے کر آئی ہوں، لوگوں نے کہا سعد تو سیاسی قیدی ہے۔ کھانے کی کوئی کمی نہیں ہے۔ سعد رفیق کی والدہ کا جواب تاریخی تھا اور یہ جواب سیاست دانوں کی تربیت کا حصہ ہونا چاہیے۔ سعد رفیق کی عظیم والدہ کا کہنا تھا کہ میں چاہتی ہوں کہ (جاری ہے)

مکار ہندو لالے کو جان کے لالے

تبصرہ

سمیع اللہ ملک

samiumalik@hotmail.com

2016ء میں جس وقت ڈونالڈ ٹرمپ ریپبلکن پارٹی کی طرف سے صدارتی نامزدگی کیلئے جدوجہد کر رہے تھے، بھارتی اپوزیشن کانگریس کی صدر سونیا گاندھی علاج کے سلسلے میں امریکا میں تھیں۔ واپسی پر جب وہ پارلیمان کے اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے آئیں، تو وقفہ کے دوران مرکزی ہال میں کئی صحافی اور سیاستدان ان کی خبر وخیریت دریافت کرنے کیلئے ان کے اردگرد جمع تھے۔ مختلف موضوعات کے علاوہ امریکی سیاست بھی زیر بحث تھی۔ چونکہ وہ امریکا سے تازہ وارد ہوئی تھیں، اکثر افراد ان سے متوقع امیدواروں، اور ان کی کامیابی کے امکانات کے بارے میں استفسار کر رہے تھے۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ بزنس مین ڈونالڈ ٹرمپ کے نہ صرف ریپبلکن پارٹی کی نامزدگی حاصل کرنے کے قوی امکانات ہیں، بلکہ وہ امریکا کے آئندہ صدر بھی ہو سکتے ہیں۔ محفل میں بس ایک قہقہہ بلند ہوا۔ کسی نے لقمہ دیا کہ ٹرمپ کے عہدہ سنبھالنے کی صورت میں نظریات اور کام کرنے کے طریقہ کے پیش نظر ان کی وزیراعظم مودی کے ساتھ اچھی جوڑی بنے گی۔ واقعی اگلے چار سال کے عرصے میں ہیوسٹن میں ''ہاؤڈی مودی'' اور پھر اس سال فروری میں احمد آباد میں ''نمستے ٹرمپ'' جیسی پبلک تقریبات کا انعقاد کر کے، دونوں نے یہ ثابت کر دیا کہ وہ سفارتی آداب وتعلقات کو کسی بھی حد تک ذاتی تشہیر کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

ستمبر 2018ء میں جب دہلی میں بھارت اور امریکا کے وزرائے خارجہ ودفاع کے اجلاس کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس ہو رہی تھی، تو میرے سمیت کئی صحافی امریکی وزیر دفاع جم میٹس کی توجہ مبذول کر کے سوال کرنے کی کوشش کر رہے تھے کہ اسی دوران پیچھے سے ان کے وفد میں شامل ایک امریکی صحافی نے میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ سوال پوچھنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے، میٹس اس عہدہ پر بس چند دن کے مہمان ہیں۔ شاید اسی شام جب امریکی وفد ابھی دہلی کے ایئرپورٹ پر جہاز میں سوار ہو رہا تھا کہ ٹرمپ نے شام سے امریکی فوجوں کے انخلا کی مخالفت کرنے پر جم میٹس کے خلاف ٹویٹ داغا اور چند دن بعد ان سے استعفیٰ لے لیا۔ اپنے چار سالہ دور حکومت میں میٹس، وزیر خارجہ ریکس ٹیلرسن، تین قومی سلامتی مشیروں مائیکل فلن، ایچ آر میک ماسٹر اور جان بولٹن کے علاوہ ٹرمپ نے 503 افسران کو معطل کر کے یا ان کو دیگر کم رتبہ والے عہدوں پر ٹرانسفر کر کے بتا دیا کہ وہ ہی حرف آخر ہیں۔

وائٹ ہاؤس کے اپنے پہلے چیف آف اسٹاف رینس پریبس کو انہوں نے چند ماہ میں ہی فارغ کر دیا۔ دفتری روایت وقواعد وضوابط کے مطابق چیف آف اسٹاف کے ذریعے ہی امریکی صدر سے ملاقات اور اہم آفس تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ وائٹ ہاؤس کی انتظامیہ کا سربراہ ہونے کے ناطے وہ صدارتی مصروفیات کا نہ صرف نگران ہوتا ہے بلکہ ملاقاتوں کیلئے اور فائلیں صدر کو پیش کرنے سے قبل ان کو پڑھ کر بریف بھی تیار رکھتا ہے۔ ایک بار جب ہوم لینڈ سیکرٹری نام یوسرٹ بغیر کسی اپوائنٹ منٹ کے اوول آفس میں صدر ٹرمپ سے ملاقات کر رہے تھے، تو پریبس نے کمرے میں داخل ہو کر، یوسرٹ کو خوب برا بھلا کہا اور ان کو قواعد وضوابط یاد دلائے۔ شاید ان کو ٹرمپ کے کام کرنے کے غیر روایتی طریقہ کا اندازہ نہیں تھا، یا وہ نئے صدر کو دفتری ضوابط میں ڈھالنا چاہتے تھے۔ اگلے ہی دن اس پاداش میں ان کو برخاست کر دیا گیا۔

جون 2019ء کو جب امریکی فضائیہ کے طیارے ایران کے تین ٹھکانوں پر بمباری کیلئے قطر، افغانستان اور خلیج فارس کے فوجی اڈوں سے پرواز کرنے والے تھے، اور وائٹ ہاؤس کے آپریشن روم میں اسکرین کے سامنے ٹرمپ اپنے معاونین کے ساتھ بیٹھ گئے تھے، کہ انہوں نے سی آئی اے کے سربراہ جان برنان سے پوچھا کہ اس حملے میں کتنے افراد کی ہلاکت کا اندیشہ ہے؟ جب اس نے کہا کہ تقریباً 150 سے 200 کے قریب افراد ہلاک ہو سکتے ہیں، تو آپریشن سے دس منٹ پہلے ٹرمپ نے اس آپریشن کو رد کرنے اور صرف ایرانی کمانڈر دستے کے سربراہ جنرل قاسم سلیمانی کا ہی تعاقب کرنے اور ہلاک کرنے کا حکم دیا۔ کئی جہاز تو فضا میں بلند ہو چکے تھے، کہ ان کو اپنے مستقر واپس آنے کیلئے کہا گیا۔ ٹرمپ کے دور حکومت کی خاص بات یہ تھی کہ پوری طاقت وائٹ ہاؤس ہی میں مرکوز ہو گئی تھی۔ کسی بھی امریکی افسر میں یہ طاقت نہیں رہ گئی تھی، کہ وہ اپنے بل بوتے پر کوئی فیصلہ کر سکے۔ اس دوران تو اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ ہی آئی اے، پینٹاگون ودیگر ادارے ایک طرح سے عضو معطل بن کر رہ گئے تھے۔

دنیا کے حکمران بھی جان گئے تھے کہ اپنے ملکوں میں امریکی سفیروں کی ناز برداری کرنے کے بجائے بس صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کوشنر کو شیشے میں اتار کر ٹرمپ تک براہ راست رسائی حاصل کر کے ہی کام نکالے جا سکتے ہیں۔ کسی حد تک ٹرمپ کا یہ کہنا صحیح ہے کہ ان کے خلاف امریکی میڈیا سمیت کئی طاقتوں نے مجتمع ہو کر مہم چلائی اور ان کی ناکامی میں کردار ادا کیا۔ ان کا واضح اشارہ امریکی اسٹیبلشمنٹ کی طرف ہے، جو ان کے دور میں مفلوج ہو کر رہ گئی تھی۔ ان کا کوئی پرسان حال نہیں تھا۔ مگر اس قدر سخت مخالفت کے باوجود ٹرمپ نے 70 ملین ووٹ لے کر یہ ثابت کر دیا کہ امریکی سوسائٹی کس قدر بٹ چکی ہے اور ان ورکنگ کلاس میں ان کی اپیل خاصی پراثر ہے، جس کے امریکی سیاست اور سماج میں خاصے دور رس نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ اندازہ ہے کہ افغانستان، فلسطین، عرب۔ اسرائیل تعلقات کے حوالے سے جو بائیڈن کی انتظامیہ ٹرمپ کی پالیسیوں کو برقرار رکھے گی، مگر حقوق انسانی کے حوالے سے امریکا سے اب کچھ زیادہ چیخ وپکار سنائی دی جائے گی۔ اسرائیل کی طرف سے فلسطینی علاقوں کو ضم کرنے کے اقدامات پر امریکی حکومت کی پالیسی تبدیل ہو سکتی ہے۔ ابھی فی الحال بائیڈن کی ٹیم کی ترجیحات میں چین یعنی ایشیا پیسفک، ماحولیات اور کرونا سے نمٹنا شامل ہوگا۔

بائیڈن انتظامیہ میں امریکی اسٹیبلشمنٹ وڈیپ اسٹیٹ اب دوبارہ اپنے رنگ میں نظر آئے گی۔ چونکہ بائیڈن کی عمر کے پیش نظر ان کی صحت کچھ زیادہ ٹھیک نہیں رہتی ہے، اس لیے نائب صدر کملا ہیرس اپنے پیش رو اس کے برعکس خاصی فعال نظر آئیں گی۔ ان کے والد ڈونالڈ ہیرس ویسٹ انڈیز کے ملک جمیکا سے امریکا آئے تھے، جبکہ والدہ شیاملہ گوپالن بھارت کے شہر چنائی سے امریکا وارد ہوئی تھیں۔ چونکہ انہوں نے کشمیر کی آئینی حیثیت کو تبدیل کرنے پر مودی کو آڑے ہاتھوں لیا تھا، اس لیے امید ہے کہ کم از کم اس معاملے میں وہ بھارتی حکومت پر دباؤ بنائے رکھیں گی۔ گزشتہ برس اگست کے اقدامات کے بعد جب بھارت نے کشمیر میں سخت پابندیاں عائد کی ہوئی تھیں تو کملا ہیرس نے کہا تھا کہ ہمیں کشمیریوں کو یہ یاد دلانا ہے کہ وہ اپنی اس جدوجہد میں تنہا نہیں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا تھا کہ ہم حالات کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں اور اگر حالات کا تقاضا ہوا تو ہمیں مداخلت کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ایک موقع پر انہوں نے بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر پر بھی براہ راست سخت تنقید کی۔

امریکی کانگریس کی ایک اور بھارتی نژاد رکن پرامیلا جے پال نے جب کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے بارے میں امریکی ایوان نمائندگان میں ایک قرارداد پیش کی تھی، تو جے شنکر، جو اس وقت امریکا میں ہی تھے، نے امریکی کانگریس کی عمارت میں خارجہ امور کی کمیٹی کے کشمیر پر ہونے والے اس اجلاس میں شرکت کرنے سے انکار کر دیا تھا جس میں جے پال موجود ہوں گی۔ کملا ہیرس نے اس کی سخت مخالفت کی اور کہا کہ کسی بھی غیر ملکی حکومت کو کانگرس کو یہ بتانے کا حق نہیں ہے کہ اجلاس میں کون سے ارکان شریک ہو سکتے ہیں۔ کملا ہیرس بھارت کے متنازع شہریت قانون پر بھی تنقید کرتی رہی ہیں۔ اس قانون کی وجہ سے بھارت میں مسلمانوں سے امتیازی سلوک کیے جانے کے امکانات کے الزامات لگ رہے ہیں۔ گو کہ چین کے ساتھ نمٹنے کیلئے امریکا کو بھارت کی ضرورت پڑے گی، مگر اگر حقوق انسانی کے حوالے سے امریکا چینگ پر انگشت نمائی کرتا ہے تو بھارت کو بھی اسی پلڑے میں رکھنا پڑے گا۔ فی الحال بھارتی حکومت بائیڈن کے حالیہ بیانات سے سخت خائف تو ہے مگر دیکھا گیا ہے کہ ڈیموکریٹک حکومتوں کا رویہ بھارت کے تئیں خاصا نرم رہا ہے۔

1975ء میں پہلے جوہری دھماکوں کے بعد جب امریکی کانگریس میں بھارت پر اقتصادی پابندیاں لگانے کی قرارداد پیش ہوئی تو بس ایک ووٹ سے مسترد ہوئی۔ وہ ایک ووٹ جس نے بھارت کو پابندیوں سے بچایا، نئے سینیٹر بائیڈن کا تھا۔ اسی طرح 2005ء میں صدر جارج بش اور وزیراعظم من موہن سنگھ نے جوہری معاہدہ پر دستخط تو کیے، مگر جوہری تکنیک کے عدم پھیلاؤ کے معاہدے کا حصہ نہ ہوتے ہوئے بھارت کو کسی بھی قسم کی رعایت دینے کی امریکی کانگریس میں ڈیموکریٹس نے خاصی مخالفت کی۔ اس وقت پھر بائیڈن نے ہی اپنی پارٹی کے اراکین پارلیمان کو منوا کر 2008ء میں بھارت کو چھوٹ دلوانے کا قانون پاس کروا لیا۔

ادھر ان دنوں مودی سرکار نے جو بائیڈن کی توجہ حاصل کرنے کیلئے ایک نیا ڈرامہ رچایا ہے تاکہ جو بائیڈن قصر سفید میں داخل ہوتے ہی خطے کی بگڑتی صورتحال پر متوجہ ہوں اور جو بائیڈن کو یقین دلایا جائے کہ اس خطے میں چین کا راستہ روکنے کیلئے صرف بھارت ہی کارآمد اتحادی ہو سکتا ہے جبکہ لداخ میں چین کے ہاتھ بری طرح رسوائی کے بعد امریکا کی نادیدہ قوتیں یہ سوچنے پر مجبور ہو گئی ہیں کہ کہیں غلط گھوڑے پر ان کی ساری کوششیں ہی بیکار نہ چلی جائیں۔ مودی نے ایک دفعہ پھر پاکستان کی طرف سے ممکنہ اسٹرائیک حملے کا پروپیگنڈہ کر کے امریکا سمیت مغرب کی ہمدردیاں سمیٹنے کیلئے پاکستان کی جانب سے ایئر سٹرائیک کے خدشات کے پیش نظر اپنی سرحدوں پر فضائی یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں وزارت دفاع نے بتایا ہے کہ اس سلسلے میں متبوضہ جموں وکشمیر کے کئی سرحدی علاقوں میں عارضی ائربیس قائم کیے جا رہے ہیں جو پاکستان کی کسی بھی ائرسٹرائیک کی کوشش کو فوری طور پر ناکام بنا سکتے ہیں۔

بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارت پاکستان سے متصل سرحدی ضلعوں پر انڈین ائرفورس کے عارضی بیس قائم کر رہا ہے۔ بھارت کو خدشہ ہے کہ پاکستان بالاکوٹ ایئر سٹرائیک کا بدلہ لے گا اور اس کیلئے کبھی بھی پاکستان ائرسٹرائیک کر سکتا ہے جس کا توڑ کرنے کیلئے بھارت نے سرحدوں پر ائربیس قائم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جبکہ پاکستانی دفاعی تجزیہ نگاروں کے مطابق معاملہ بالکل اس کے الٹ ہے۔ بھارت اس آڑ میں بالاکوٹ پر ہونے والی رسوائی اور خفت کا بدلہ لینے کیلئے اپنے رافیل طیاروں کی آزمائش کیلئے پاکستان پر دوبارہ دانت تیز کرنے کی مشق دہرانا چاہتا ہے جبکہ دفاعی نقطہ نظر سے بھارت سب سے بڑی غلطی کا ارتکاب کر رہا ہے کہ اس نے پاکستانی شاہینوں کا سٹرٹیجک مختصر ترین کر دیا ہے۔ اب مکار ہندو لالے کو اس بات کے لالے پڑے ہیں کہ اس نے پچھلے چار برسوں میں ٹرمپ کے ساتھ جو رومانس بڑھایا تھا، کہیں امریکا (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

شال بقیہ 1

جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ 2 لاکھ افغانوں کے کارڈ بلاک کیے ہیں،مزید یہ کہ 300 دیگر دور دراز علاقوں میں کارڈ جاری کرنے کے لیے کمیٹی جاری ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ایک لاکھ 37 ہزار ڈیلکٹیڈ کارڈز جو غریب آدمی نے مجبوری کے تحت بنائے ان میں سے 7 ہزار لوگوں کو جاری نہیں کررہے،تاہم باقی کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے اس کارڈ کو رکھیں جن پر ان کا پاس پورٹ بنا ہے۔انہوں نے بتایا کہ وزارت داخلہ میں چین اور افغانستان کے ویزا میں کرپشن تھی،میٹرل میں لوگ پیسے لیتے تھے لیکن ہم نے اسے ختم کردیا ہے اور 192 ممالک کا ویزا آن لائن کردیا ہے۔اس موقع پر انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں سے کہا کہ آپ کو کوئی شکایت ہو تو آپ رابطہ کریں،ویزا میں توسیع ہو یا ویزا حاصل کرنا ویزا ختم کرنا ہو سب کچھ آن لائن ہوگا جس سے کرپشن کا خاتمہ ہوگا۔مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی پاکستان واپسی کے لیے وفاقی حکومت کے اقدامات کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 16 فروری کو نواز شریف کا پاس پورٹ ختم ہورہا ہے،اس میں توسیع نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف سے ہمدردی کی ہے کہ 16 فروری سے پہلے آجائیں تو کوئی حرج نہیں۔اپوزیشن جماعتوں پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ ضمنی انتخابات میں حصہ لے گی،لہٰذا اپنے پارٹی جیت گئی ہے اور پی ڈی ایم نے شکست تسلیم کرلی ہے۔

شال بقیہ 2

مطابق ملک بھر کے چاروں صوبوں میں تعلیمی ادارے دوبارہ کھولنے کا فیصلہ ہیلتھ ایڈوائزری کی بنیاد پر کووڈ کیسز کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔اس سلسلے میں کانفرنس کو تجویز دی گئی ہے کہ پہلے مرحلے میں ملک بھر کے سرکاری و نجی پرائمری اسکولز 25 جنوری 2021 سے کھول دیے جائیں جبکہ دوسرے کے مرحلے میں 4 فروری سے مڈل/سیکنڈری اسکولز کھول دیے جائیں اور تیسرے مرحلے میں ہائر مڈل/سیکنڈری اور اس کے مساوی تعلیمی ادارے کھولے جائیں۔محکمہ تعلیم کے افسر نے بتایا کہ" پہلے مرحلے میں پرائمری تعلیمی ادارے کھولنے کی تجویز اس لیے زیر غور ہے کہ موصولہ ڈیٹا کے مطابق ملک میں کووڈ کی شدت سے سب سے کم چھوٹے بچے متاثر ہوئے ہیں اور کووڈ کم عمر بچوں کو دیگر age group کی طرح اثر انداز نہیں کررہا تاہم تعلیمی افسر کا کہنا تھا کہ اسکول کھولنے سے متعلق یہ تینوں تاریخیں مجوزہ ہیں اور اگر کووڈ کی صورتحال بدستور خراب رہی تو 19 جنوری کو دوبارہ بین الصوبائی وزرائے تعلیم کانفرنس بلا کر اس پر غور اور ردبدل کیا جاسکتا ہے تاہم اس سلسلے میں کوئی بھی فیصلہ (اس مرض سے بچنے کا قومی رجحان اور اسپتالوں میں مریضوں کی تعداد و ملک کے نظام صحت پر موجودہ دباؤ) کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جائے گا"۔

شال بقیہ 3

اعداد و شمار کے مطابق اب تک سندھ میں 2 لاکھ 16 ہزار 632، پنجاب میں ایک لاکھ 39 ہزار 341، خیبر پختونخوا میں 59 ہزار 23، اسلام آباد میں 38 ہزار 020، بلوچستان میں 18 ہزار 181، آزاد کشمیر میں 8 ہزار 303 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 862 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے۔سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 35 ہزار 130 ہوگئی ہے۔جب کہ 2 ہزار سے زائد مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 82 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد مجموعی طور پر 10 ہزار 258 ہوگئی ہے۔این سی او سی کے مطابق کورونا سے ایک دن میں ایک ہزار 745 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 38 ہزار 974 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 4

محمود قریشی نے حکومت مخالف اتحاد پی ڈی ایم کی پریس کانفرنس پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم 31 جنوری کا انتظار کیوں کررہی ہے؟انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس عوام کا مینڈیٹ ہے،وزیر اعظم عمران خان کو ایوان کا اعتماد حاصل ہے،عمران خان پی ڈی ایم کے کہنے پر کیوں مستعفی ہوں گے؟شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پی ڈی ایم کی ساڑھے 5 گھنٹے کی طویل نشست بے نتیجہ رہی،پوری قوم پی ڈی ایم کی حقیقت جان چکی ہے۔وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے احتجاج سے ہمیں کوئی ٹینشن نہیں،جو خود محتاج ہو وہ احتجاج کیا کرے گا؟وزیر خارجہ نے کہا کہ عوام اپوزیشن کی اصلیت پہچان چکے ہیں،ان کے جلسے جلوسوں میں جان نہیں ہے۔

شال بقیہ 5

ضرورت پر بھی زور دیا۔صدر کو بتایا گیا کہ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کیٹی) بنز فاؤنڈیشن کے ساتھ خصوصی افراد کے لیے خصوصی ٹیکنیکل کورسز ڈیزائن کرنے کے لیے تعاون کررہی ہے تاکہ انہیں ملازمت کے قابل بنایا جاسکے۔اس موقع پر خاتون اول بیگم ثمینہ عارف نے کہا کہ وہ اس سلسلے میں تجارت اور صنعت کے مختلف چیمبرز کا بھی دورہ کریں گی۔کاروباری وفد میں شارق وہرا صدر کے سی سی آئی،سلیم الزماں صدیقی،عبدالہادی صدر سائٹ اور دیگر شامل تھے۔

شال بقیہ 6

کہ مریم بی بی کے کہنے پر کوئی مسلم لیگی استعفے نہیں دے گا،مسلم لیگ کے اندر بھی ایک واضح دراڑ اور گروپ بندی موجود ہے،جمہوریت پر یقین رکھنے والے واضح اور نمایاں سوچ رکھنے والے لوگ ان کی اکثریت موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ تیسری بڑی جماعت مولانا فضل الرحمن کی جمعیت علمائے اسلام ہے،خدا کی شان دیکھیں کہ پی ڈی ایم کے چیئرمین کے ساتھ ان کی اپنی جماعت نہیں کھڑی اور مولانا شیرانی،حافظ حسین احمد اور اراکین پارلیمنٹ سمیت جمعیت علمائے اسلام (ف) کے اہم اراکین کا گروپ ٹھکر کے سامنے آگیا ہے اور انہوں نے اپنی جماعت کا اصل نام جمعیت علمائے اسلام پاکستان رکھ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ درحقیقت مولانا فضل الرحمن کی جمعیت دراصل جمعیت علمائے اسلام ہند کی ایک ذیلی شاخ ہے اور جو پالیسی ہندوستان کی ہوگی وہی جمعیت علمائے اسلام ہند کی ہوگی اور وہی پالیسی مولانا فضل الرحمن کی ہوگی،اس سے اختلاف کرتے ہوئے محب وطن پاکستانی ٹھکر کر سامنے آگئے ہیں اور انہوں نے قائدانہ کردار لے لیا ہے۔

شال بقیہ 7

حکومت کے خاتمے کی تحریک چلا رہے ہیں،موجودہ حکومت کے خلاف لڑائی جہاد سمجھتے ہیں،تم ووٹ چوری کرکے آئے ہو کھل کر بغاوت کررہے ہیں ہم حسینی اور عمران خان تم یزیدی ہو۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ مدرسہ عثمانیہ میں جے یو آئی کے رہنما جمال عبدالنصر سے ان کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ جس جذبے سے ہم لڑ رہے ہیں اس سے سمجھ لینا چاہیے کہ تم ووٹ چوری کرکے آئے ہو اور ہم کھل کر آپ کی حکومت کے خلاف بغاوت کررہے ہیں،ہم نے آپ کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی ہے ہم حسینی ہیں اور تم یزیدی ہو۔نواز شریف کے پاسپورٹ منسوخی سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ وہ طبی بنیادوں پر یہاں سے گئے ہیں،پہلے بھی پاسپورٹ منسوخ ہوئے ہیں،آپ نواز شریف کا سوال نہیں کریں بلکہ یہ پوچھیں کہ پرویز مشرف اشتہاری ہے اس کے بارے میں کیا کیا،یہ وہ لائنیں جو ہیں آپ کی کہ 3 دفعہ ملک کا وزیر اعظم رہنے والے کے ساتھ یہ رویہ جبکہ دوسرا عدالت کے ہاتھوں بغاوت کے جرم میں سزا یافتہ اور اشتہاری کے بارے میں دوسرا رویہ،اس طرح ملک نہیں چلا کرتے،قانون سب کے لیے برابر ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 8

مطاخان کاکڑ نے کہا کہ رواں برس بھارتی افواج نے جنگ بندی کے معاہدے کی تین ہزار سے زائد مرتبہ خلاف ورزیاں کی ہیں،جس کی وجہ سے 27 نہتے شہری شہید اور 250 زخمی ہوئے ہیں،پاکستان نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو بھارتی فورسز کی جانب سے اقوام متحدہ کے فوجی مبصرین کی گاڑی کو نشانہ بنانے کے لئے خط لکھ مطالبہ کیا ہے کہ اس واقع کی تحقیقات کروائی جائیں،انہوں نے کہا کہ بھارت اپنے اندرونی معاملات سے دنیا کی توجہ ہٹانے کے لئے چال چل رہا ہے،عالمی برادری اس کا فوری نوٹس لے اور خطے کے امن کو قائم رکھنے کے لئے بھارت پر دباؤ ڈالے،وزیر اعظم عمران خان اور ترجمان پاک فوج نے بھارت کو واضح پیغام دے دیا ہے۔

شال بقیہ 9

،منشیات سے متعلق مسائل سے اچھی طرح واقف ہوں۔انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ممالک آپس میں تعاون کر کے منشیات کے خاتمے کے لیے کام کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایران کی جانب سے تعاون کی پیشکش خوش آئند ہے،برگیڈیئر جنرل مجید کریمی کے منتظر ہیں۔ایئر ایمرشاہ نے کہا کہ منشیات کے خاتمے کے لئے میرا ٹارگٹ منشیات کی ڈیمانڈ کو ختم کرنا ہے،ڈیمانڈ کم ہونے سے ہی سپلائی کرنے والوں سے باقاعدہ طور پر نمٹا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ منشیات کے نقصانات سے متعلق آگہی اور لوگوں کی بحالی پر کام کرنا انتہائی اہم ہے،منشیات کی سمگلنگ کی روک تھام بھی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ منشیات کے شکار افراد کے علاج و بحالی کے لئے اداروں کی تشکیل زیر غور ہے،ایران کے وفد سے ملاقات میں دونوں ممالک سے متعلق معاملات کو زیر غور لائیں گے۔

شال بقیہ 10

بی بی و دیگر کی جانب سے دائر آئینی درخواست کی پیروی ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کی سماعت کے دوران عدالت نے محکمہ تعلیم اور ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے بھرتیوں پر اپنے آرڈر جاری کردیا ہے بعدازاں سینئر قانون دان ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں بہت سے اعلیٰ عہدے داروں نے ان ملازمت پر اپنے گھر کے افراد کو بھرتی کیا ہے ایک ایسے صوبے میں جہاں لوگ بھوک سے مر رہے ہیں اور نوجوان نسل بے روزگاری کی وجہ سے خودکشیوں اور جرائم کا ارتکاب کررہی ہے اور دوسری جانب حکومت کے اندر بیٹھے لوگ اس صوبے کو لوٹنے اور اپنے گھر کے افراد کو فائدہ پہنچانے میں مصروف ہیں اس پر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہر ایک کا فرض ہے کہ وہ ناانصافی کے خلاف ڈٹ جائے اور میں ہمیشہ بلوچستان کے مظلوم عوام کے لئے آواز بلند کرتا رہوں گا۔

شال بقیہ 11

پر احتجاج اور دھرنا دیا۔تفصیلات کے مطابق پچھلے 4 مہینوں سے زیرو پوائنٹ دوستانہ گیٹ کی بندش کے خلاف جمعیت علماء اسلام اور بابائے چائنی ٹینل کے زیر اہتمام تختان میں احتجاج اور انٹرنیشنل شاہراہ کو تمام آمدورفت کے لیے بند کر دیا گیا احتجاجی مظاہرین کی قیادت جمعیت علما پاکستان کے ضلعی امیر مولوی نجیب اللہ محمد حسنی،بابائے چائنی ٹینل کے تختان کے سربراہ حاجی قادر بخش توتیزئی محمد شریف مینگل،ملک کریم محمدانی،حاجی شاہ میر محمدانی،قاری عبدالرحمن اچاہبازئی،مولوی عبدالشکور محمد حسنی،مولوی نور محمد حسنی،محمد آصف شیرزئی تھیں ب اللہ کاکڑ،احمد نور زئی قیادت میں شاہراہ پر ٹائر جلا کر روڈ بلاک کردیا جس سے پاک ایران انٹرنیشنل شاہراہ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی۔

شال بقیہ 12

پالیسی پر نظرثانی شروع کر دی۔تفصیلات کے مطابق سردیوں میں بار بار دیر سے ٹینڈر کرکے مہنگی ایل این جی خریدنے،غلطی ماننے سے انکار کرنیوالی حکومت نے اپنی پالیسی پر نظرثانی شروع کر دی ہے۔نجی ٹی وی کے مطابق وزارت پیٹرولیم نے اپریل کیلئے ایل این جی خریدنے کے سلسلے میں 3 ماہ پہلے 31 دسمبر کو ہی اشتہار دے دیا ہے،اس سے پہلے وزیر اعظم کے معاون خصوصی ندیم بابر اپنی غلطی ماننے سے انکار کرتے رہے ہیں۔سردیوں میں مہنگی ایل این جی خریدنے کی وجہ سے پاکستان کو نہ صرف 35 ارب سے زیادہ کا نقصان ہوا بلکہ جنوری کے پہلے 20 دن کیلئے ایل این جی کے سپلائرز آئے ہی نہیں۔ایل این جی نہ ملنے کے باعث ہی عوام گیس کا بحران بھگت رہے ہیں جبکہ اپوزیشن جماعتیں اس معاملے پر حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنارہی ہیں۔

شال بقیہ 13

کو اسلام آباد ہائیکورٹ نے ناورا کی جانب سے خاتون کا شناختی کارڈ بلاک کرنے کو غیر قانونی قرار دے دیا۔عدالت نے ناورا اور خاتون کے والد پر 5،5 لاکھ روپے کا ہرجانہ عائد کیا۔خاتون کے والد نے اسے اپنی بیٹی ماننے سے انکار کیا تھا اور والد کے کہنے پر شناختی کارڈ بلاک کیا گیا تھا۔عدالت نے اپنے حکم میں کہا کہ عروج تابانی کو شناختی کارڈ بلاک ہونے کی صورت میں اذیت اور کرب سے گزرنا پڑا ہے۔اسلام آباد ہائیکورٹ نے اپنے حکم میں کہا کہ ناورا کے پاس کوئی اختیار نہیں کہ وہ خاندانی جھگڑوں میں مداخلت کرے۔

شال بقیہ 14

جبری مشقت کرائے جانے کیخلاف درخواست پر سماعت چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کی۔ڈی سی اسلام آباد حمزہ شفقات اسلام آباد ہائی کورٹ میں پیش ہوئے،پولیس اور انتظامیہ نے بھٹوں سے بازیاب بچوں کو عدالت پیش کردیا۔اسلام آباد ہائی کورٹ نے جبری مشقت کرنے کے خلاف کمیشن قائم کر دیا۔عدالت نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں کمیشن ایک ماہ میں جائزہ لے کر رپورٹ پیش کرے۔چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا تمام بچے بازیاب ہوگئے ہیں۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ جی تمام بچے بازیاب ہوگئے ہیں،بھٹہ مالک گرفتار کرلیا ہے۔چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ اس عدالت نے آپ پر اعتبار کیا اور آپ نے اس پر عمل درآمد کروایا۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اسلام آباد میں کتنے بھٹے ہیں وہ تفصیلات کے رہے ہیں اسکے بعد انکا آڈٹ کریں گے۔

شال بقیہ 15

افراد میں سے 3 ہزار 796 کا سراغ لگایا جاچکا ہے۔انکوائری کمیشن کے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق ملک میں لاپتا افراد سے متعلق اب تک 6 ہزار 921 کیسز سامنے آچکے ہیں جن میں سے 2 ہزار 184 افراد واپس اپنے گھروں کو لوٹ گئے، 857 افراد کو نظر بند کردیا گیا جبکہ 535 کو جیلوں میں قید کردیا گیا۔جبری طور پر لاپتہ کیے گئے ان افراد میں سے 220 کی لاشیں برآمد ہوئیں،3 ہزار 796 افراد کا سراغ لگا لیا گیا۔جبری لاپتا ہونے کے سب سے زیادہ واقعات خیبر پختونخوا میں پیش آئے جہاں 2 ہزار 942 افراد لاپتا ہوئے،جن میں سے 59 کی بعد ازاں لاشیں برآمد ہوئیں جبکہ ایک ہزار 335 کا سراغ لگا لیا گیا۔صوبہ سندھ جبری گمشدگیوں کے حوالے سے دوسرے نمبر پر رہا جہاں ایک ہزار 643 افراد لاپتا ہوئے جن میں سے 55 مردہ حالت میں پائے گئے۔پنجاب میں ایک ہزار 432 افراد لاپتا ہوئے جن میں سے 66 کی لاشیں ملیں۔جبری گمشدگیوں کے حوالے سے سب سے زیادہ بدنام بلوچستان میں 537 کیسز سامنے آئے جن میں سے 222 کا سراغ لگا لیا گیا،جبکہ 30 افراد مردہ حالت میں پائے گئے۔اسی طرح اسلام آباد سے 300،آزاد جموں و کشمیر سے 58 اور گلگت بلتستان سے 9 افراد جبری طور پر لاپتہ ہوئے۔

شال بقیہ 16

ناپ روڈ کی تعمیر کا کام سست روی اور اتوا کا شکار،علاقہ مکینوں کو دشواریوں کا سامنا،ٹھیکیدار کام مکمل کرنے سے گریز،اس تفصیلات کے مطابق 46 کروڑ روپے کی لاگت سے کاکی نولا کھڑا بلیک ناپ روڈ کافی عرصہ گذر جانے کے بعد بھی پایہ تکمیل تک نہ پہنچ پایا علاقہ مکینوں نے یہاں آن لائن کو بتایا کہ محکمہ بی اینڈ آر کے ذمہ داران اور ٹھیکیدار کی ملی بھگت سے ایک تو تعمیراتی کام ناقص ہورہا ہے اور دوسری جانب کام سست روی اور اتوا کا شکار بھی ہے انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکمے کے انجینئر یا کسی ذمہ دار افسر نے کبھی وزٹ کرنے کی زحمت تک گوارہ نہیں کی ٹھیکیدار کی من مانیوں اور سست روی پر محکمے کے افسران کی خاموشی معنی خیز اور باعث تشویش امر ہے انہوں نے کہا کہ روڈ کا کام کنکریٹ پھینک کر روک دیا گیا ہے جسکے باعث مکینوں کو آمدورفت میں شدید دشواریاں درپیش ہیں انہوں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان،محکمہ تعمیرات و مواصلات کے بالا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کاکی نولا کھڑا بلیک ناپ روڈ کی تعمیر جلد مکمل کروائی جائے اور متعلقہ افسران اور ٹھیکیدار کی من مانیوں اور سست روی کا فوری نوٹس لیا جائے۔

شال بقیہ 17

علاقوں میں گیس لیک کے باعث دم گھٹنے اور گیس دھماکے سے آگ لگنے کے واقعات میں 19 افراد لقمہ اجل بنے جبکہ 27 افراد بے ہوش اور جھلس جانے کے باعث زخمی ہوئے۔سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں ہر سال سوئی گیس کے باعث دم گھٹنے اور گیس لیک کے باعث ہونے والے دھماکے سے کئی قیمتی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے،،،سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے اس حوالے سے مہم بھی چلائی گئی،،،اس مہم کے نتیجے میں ان واقعات میں معمولی کی ضرور آئی،،، 2020 کے دوران بلوچستان کے علاقوں میں گیس کے باعث دم گھٹنے اور گیس دھماکوں کے تیرہ واقعات میں انیس افراد جان بحق جبکہ 27 زخمی اور بے ہوش ہوئے،،ان واقعات میں پنجگور اور دالبندین میں ایل پی جی سلنڈر سے گیس لیک سے دم گھٹنے سے ہلاک ہونے والے تین افراد بھی شامل ہیں،،گذشتہ سال گیس لیک سے ہلاکت کا سب بڑا واقعہ نو جنوری کو کوئٹہ کے سبزل روڈ کے ایک مکان میں پیش آیا تھا جہاں گیس سے دم گھٹنے سے ایک خاندان کے پانچ افراد لقمہ اجل بنے تھے۔

شال بقیہ 18

کے حامل افراد کا گٹھ جوڑ ہے۔انہوں نے کہا کہ جیسے جیسے ملک درست سمت میں جارہا ہے پی ڈی ایم کی تشویش میں اضافہ ہورہا ہے۔

شال بقیہ 19

ہوئے کیا،انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن 1988 سے 2010 تک ہر حکومت کا حصہ رہے۔فواد چوہدری نے کہا کہ ڈیپ اسٹیٹ پر انحصار بری بات ہے اور مولانا فضل الرحمن سب سے بڑی ڈیپ اسٹیٹ کے پاس گئے۔انہوں نے کہا کہ مولانا نے فرمائش کی تھی کہ مجھے وزیر اعظم بنائیں ہم آپ کیلئے حاضر ہیں۔وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا اپنے ٹوئٹ میں مولانا کو مخاطب کرتے ہوئے مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں ہوں تو جنگ بیچتے ہیں،امریکا کو شدت پسندی کا علاج حکیم ہوتو ایسا۔

شال بقیہ 20

چیئرمین نیا پاکستان ہاؤسنگ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور نجی شعبے کے لوگوں پر مشتمل کمیٹی کو قابل عمل حل پیش کرنے کی ہدایت کی۔یہ فیصلہ ہاؤسنگ اینڈ کنسٹرکشن سے متعلق قومی رابطہ کمیٹی (این سی سی) کے اجلاس کے دوران کیا گیا تھا جس میں بلڈرز اور ڈیولپرز نے بھی شرکت کی تھی۔نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ وزیر اعظم نے کمیٹی کو سٹیل پارٹز کی مقامی پیداوار،صارفین کی دلچسپی اور حکومت کے ریونیو پر اثرات سے متعلق تفصیلی تحقیقاتی تجزیے کے بعد سٹیل پارٹز کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر حکمت عملی تیار کرنے کا حکم دیا ہے۔

شال بقیہ 21

موبائل پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی،یہ گاڑیاں ماحول دوست اور الیکٹرک چارجنگ کی وجہ سے اپنا منفرد مقام رکھتی ہیں۔وزیر اعظم پاکستان عمران خان نے کہا کہ حکومت آٹو موبائل انڈسٹری اور معیشت کو مزید دوام بخشنے کے لیے اپنی بھرپور کوشش جاری رکھے گی۔انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال میں تمام تر مشکلات کے باوجود ایم جی پاکستان کی لانچنگ ایک حوصلہ افزا خبر ہے اور نئے سال کی شروعات میں پاکستان معیشت کے لیے ایک امید کی کرن بھی ہے۔اس موقع پر ایم جی کو پاکستان لانے والے جاوید آفریدی نے کہا کہ پاکستان میں حکومت کی اچھی پالیسیوں کی وجہ سے معیشت درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔

شال بقیہ 22

جھوٹ کے پہاڑ ثابت ہوئے۔احتساب کا نعرہ مذاق بن کر رہ گیا،امریکی فرم کو ساڑھے چار ارب روپے ذمہ داران کے اثاثے ضبط کر ادا کیے جائیں،جماعت اسلامی واحد جمہوری جماعت ہے جو فیملی کلب نہیں۔نظام بدلنے کے لیے میدان عمل میں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں جاری مجلس شوریٰ کے اختتامی اجلاس سے خطاب اور مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔امیر جماعت نے کہا کہ اگرچہ سابقہ ادوار میں بھی ملکی بہتری کے لیے کوئی خاطر خواہ اقدامات نہیں ہوئے موجودہ حکمران تو نااہل ترین ثابت ہو چکے ہیں۔معیشت،تعلیم،صحت اور دیگر داخلی محاذوں پر یہی پالیسیاں جاری رہی تو خدانخواستہ ملک ڈیفالٹ کرجائے گا۔

شال بقیہ 23

سے جب 22 لاکھ روپے ماہانہ کا ثبوت مانگا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ وہ کیش میں لین دین کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف کی تنخواہ کی مد میں 14 کروڑ روپے ملنے کا ثبوت دکھائیں،ان کی ساری رقم دبئی کے اکاؤنٹ میں کیش ہیں۔انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف نے اپنے قائد کی طرح ٹی ٹی کا طریقہ کار اپنایا اور دبئی کے اکاؤنٹ سے پاکستان کے اکاؤنٹ میں ٹی ٹیاں لگائیں۔شہزاد اکبر نے کہا کہ تنخواہوں سے متعلق خواجہ آصف کے پاس کوئی دستاویز نہیں ہے،وہ کونسا بیسا کاروبار کرتے تھے جو صرف کیش میں ہی ہوتا تھا۔انہوں نے کہا کہ وہ وزارت سے فارغ ہوئے تو ان کی دبئی کی نوکری بھی چلی گئی،وہ دبئی کی کمپنی میں اب نوکری کیوں نہیں کرتے۔انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف اب تک نیب کو مطمئن نہیں کرسکے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ خواجہ آصف نے گوجرانوالہ کی سوسائٹی میں 80 لاکھ کا پلاٹ لیا اور ای کمپنی کو پلاٹ 4 کروڑ کا واپس کردیا۔معاون خصوصی نے کہا کہ سیالکوٹ میں پلاٹ خواجہ آصف نے 12 کروڑ 50 لاکھ کا فروخت کیا،خواجہ آصف نے فروخت کا جو معاہدہ اور چیک دکھایا وہ چیک بک 6 ماہ بعد جاری ہوئی تھی۔انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف قانونی طور پر اپنی جنگ لڑیں،عوام کو گمراہ نہ کریں۔مشیر داخلہ نے کہا کہ آج کے احتساب کا قانون ہماری حکومت نے نہیں بنایا بلکہ کرپشن روکنے کا قانون 1947 سے موجود ہے اور ان سیاستدانوں نے کرپشن کے تحت جائیدادیں بنائیں۔

شال بقیہ 24

میں کام نہیں کریں گے تو اس سے مزید نقصان ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پشتون بلوچ دونوں مشکل میں ہیں۔حقوق تو دور کی بات ہے آواز اٹھانا بھی مشکل ہوگیا۔اس پر ہم کسی بھی قیمت پر خاموش نہیں رہ سکتے کیونکہ اپنے حق کے لیے آواز اٹھانا بہترین جہاد ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمارے وسائل پر قبضے کے منصوبے بنائے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ جعلی ڈومیسائل بنا کر ہمارے نوجوانوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جارہا ہے چیف جسٹس اور بلوچستان ہائی کورٹ کے اقدامات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور امید ظاہر کرتے ہیں کہ اس عمل کو مزید شفاف بنانے کے لیے جعلی ڈومیسائل رکھنے اور بنانے والے عوام کے سامنے بے نقاب ہونے چاہئیں اب وقت آگیا کہ پشتون اور بلوچ وقت ضائع کیے بغیر اپنے حقوق کے لیے ایک میز پر بیٹھنا ہوگا گوادر باز پر اختر جان مینگل سے سابقہ حکومت کے دوران اسمبلی میں کی تھی کہ ایک دن آئے گا کہ چائنا والے گوادر میں داخلے پر کارڈ طلب کریں گے۔اب پشتون اور بلوچوں کو برابری کی سطح پر فیصلہ کرنا ہوگا جس کے لیے جلد جرگہ بلاؤں گا۔

شال بقیہ 25

جو کچھ کہا اس سے زیادہ عمران خان کہتے رہتے ہیں،غداری کا مقدمہ مفتی کفایت اللہ پر نہیں عمران خان پر بنتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار پر پابندی،بنیادی حقوق سلب کرنا آئین کی توہین،غداری ہے۔انہوں نے کہا کہ 22 کروڑ ہم وطنوں کو انکے حقوق سے محروم کرنے،آئین شکنی پر پی ٹی آئی حکومت کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ مفتی کفایت اللہ کے اعلان کی گرفتاری کس جرم کے تحت کی گئی،عمران خان جو کچھ فوج کے خلاف کہتے رہے اس پر کیا کارروائی کی گئی۔انہوں نے کہا کہ اوچھے ہتھکنڈوں،انتقامی کارروائیوں اور مجرمانہ طرز حکمرانی کا دور جلد ختم ہونے والا ہے۔

شال بقیہ 26

چکے ہیں اور ہنستے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف صرف ایک کام جانتے ہیں"پیسا پھینک، تماشہ دیکھ"نواز شریف کی ملی بھگت سے محمد علی درانی شہباز شریف اور فضل الرحمن کو ملے،نواز شریف نے زرداری کو کنٹرول کرنے کے لیے مولانا کو پی ڈی ایم کا سربراہ بنوایا۔حافظ حسین احمد نے کہا کہ آصف علی زرداری سب پر بھاری نکلے،ضیاء الحق کی برسی سے شروع ہونے والی ن لیگ کی سیاست کو زرداری نے بے نظیر بھٹو کی برسی پر دفن کردیا۔انہوں نے کہا کہ زرداری نے اپنا ویٹو کا حق بھی پی ڈی ایم سے منوالیا،سینٹ کا الیکٹرول کالج توڑنے،لانگ مارچ،20 ستمبر کے تمام فیصلوں کو زرداری اور بلاول نے ویٹو کردیا۔حافظ حسین احمد نے کہا کہ پی ڈی ایم نے اپنے فیصلوں پر پانی پھیر کر پیپلز پارٹی کے فیصلوں کو تسلیم کرلیا۔

شال بقیہ 27

فلائٹ منسوخ ہونے کی وجہ سے کوئٹہ اور دیگر شہروں سے لاہور جانے والے مسافر شدید سردی میں رل گئے مسافروں نے ایئر پورٹ پر نجی ایئر لائن کے عملے کے خلاف شدید احتجاج کیا اور دوسرے شہروں کے مسافروں نے عملے سے مطالبہ کیا کہ ہمیں مقامی ہوٹلوں میں قیام کرایا جائے لیکن عملے کی جانب سے مسافروں کو ہوٹلوں میں قیام کرانے سے انکار کردیا گیا واضح رہے کہ فلائٹ میں سابق ایڈووکیٹ جنرل رؤف عطا ایڈووکیٹ،تاجر،مریض اور دیگر مسافر بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 28

فرنٹئر کور اینڈ ٹریننگ سینٹر لورالائی لیفٹیننٹ کرنل محمد تسلیم ڈی آئی جی پولیس سید محسن علی کمانڈنٹ لورالائی سکاؤٹ کرنل شہریار لودھی رشید ناصر سردار سکندر حیات جوگیزئی سردار معصوم خان ترین قبائلی عمائدین سردار صاحبان تاجر برادری و دیگر سول فوجی اعلیٰ آفیسران سمیت لورالائی پریس کلب کے صحافیوں نے شرکت کی۔

شال بقیہ 29

کانی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم منیر،صدر سلیم الزماں،چیئرمین وی ای او کاٹ زیر چھایا،سینئر نائب صدر وڈی احمد شریف،نائب صدر نگہت اعوان اور کانی کی قائمہ کمیٹی برائے خصوصی افراد ماہین سلمان نے بھی خطاب کیا۔خاتون اول نے کہا کہ ایوان صدر میں آنے سے قبل بھی سماجی و فلاحی کاموں میں حصہ لیا تاہم اب اس ذمے داری کا احساس بہت بڑھ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے جسے جو بھی مقام دیا ہے وہ اس حوالے سے جوابدہ بھی ہے اس لیے ہمیں معاشرے کو پس ماندہ اور نظرانداز کیے گئے طبقات کو اپنی ترجیحات میں شامل کرنا چاہیے۔انہوں نے بتایا کہ صدر مملکت کے ساتھ مل کر معذور افراد کو سہولیات اور آسانیاں فراہم کرنے کے لیے کئی اقدامات کیے جارہے ہیں،آئندہ ماہ سے خصوصی افراد کے لیے جاری کردہ کارڈ رکھنے والے افراد کو کفالت پروگرام کے تحت دو ہزار روپے ماہانہ دیے جائیں گے۔

شال بقیہ 30

کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر صوبائی نائب امیر مولانا عبدالکریم عابد،ڈاکٹر نصیر الدین سوانی،مولانا محمد غیاث،سمیع الحق سوانی، مولانا احسان اللہ نکروی،مولانا حسن لاشکا،مولانا نورالحق،شرف الدین اندھڑ و دیگر بھی موجود تھے۔سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری،

حکومت عوام سے کئے گئے تمام وعدے پورے کرے گی، خلجی

پی ڈی ایم ٹولہ اپنی چوری بچانے کے لئے اکٹھا ہے، مجھے پورا یقین ہے اپوزیشن کبھی بھی استعفے نہیں دیگی

استعفوں کا ٹوپی ڈرامہ ساری قوم نے دیکھ لیا ہے، اپوزیشن کی دھمکیوں سے حکومت مرعوب نہیں ہوگی، رکن بلوچستان اسمبلی

اوتھل لاکھڑا کے علاقے اوڑی میں گھسی اور میر جت قبائل کے تصادم میں زخمی ہونے والوں کو طبی امداد دی جارہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ و کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) مبین خان خلجی نے کہا ہے کہ وفاقی و بلوچستان حکومت عوام سے کئے گئے تمام وعدے پورے کرے گی۔ اپوزیشن کی پالیسیاں نہ کھیلیں گے نہ کھیلنے دینگے کامیاب نہیں ہوسکتی عوامی خدمت کا سفر پوری آب وتاب سے جاری ہے۔ پی ڈی ایم ٹولہ اپنی چوری بچانے کے لئے اکٹھا ہے، مجھے پورا یقین ہے اپوزیشن کبھی بھی استعفے نہیں دیگی۔ استعفوں کا ٹوپی ڈرامہ ساری قوم نے دیکھ لیا ہے، اپوزیشن کی دھمکیوں سے حکومت مرعوب نہیں ہوگی، اپوزیشن کا دوہرا معیار عوام کے سامنے کھل کر سامنے آگیا پی ڈی ایم ملک میں استحکام کی سیاست کرنا چھوڑ دے، پی ڈی ایم جماعتوں کی منفی سیاست اور ان کی لوٹ مار نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے، انہوں بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

پی ڈی ایم اختلافات کا شکار ہوچکی ہے اور از خود ختم ہوجائیگی، شانیہ خان

31 دسمبر کے بعد 31 جنوری بھی گزر جائیگی جس کے بعد سینیٹ انتخابات میں حکومت کو کامیابی اور اپوزیشن کو شکست ہوگی

وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت مضبوط و مستحکم ہے، رہنما خواتین ونگ بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی خواتین ونگ کی رہنما شانیہ خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم اختلافات کا شکار ہوچکی ہے اور از خود ختم ہوجائیگی، آر یا پار کی باتیں کرنے والے آج خود کہیں نظر نہیں آرہے 31 دسمبر کے بعد 31 جنوری بھی گزر جائیگی جس کے بعد سینیٹ انتخابات میں حکومت کو کامیابی اور اپوزیشن کو شکست ہوگی وزیراعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت مضبوط و مستحکم ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم حکومت بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

دالبندین لیویز فورس کی کارروائی جعلی کرنسی استعمال کرنے والا ایک شخص گرفتار

دالبندین (این این آئی) دالبندین لیویز فورس کی کارروائی جعلی کرنسی استعمال کرنے والا ایک شخص کو گرفتار کرلیا لیویز ذرائع کے مطابق کیو آر ایف ٹیم کی کمانڈر کریم تو تیزئی و دیگر اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے جعلی کرنسی چلانے بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

جمعیت طلباء اسلام جماعتی فعالیت میں اہم کردار ادا کررہی ہے، مولانا واسع

جے ٹی آئی کی جانب سے جماعت کی بحالی میں کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ذیلی تنظیم پرانی مقام حاصل کررہی ہے

جے ٹی آئی میں شامل تمام عہدیداران کارکن ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے اخلاص کے ساتھ اتحاد و اتفاق پیدا کرے، اجلاس کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام جماعت کی فعالیت میں اہم کردار ادا کررہی ہے جے ٹی آئی میں شامل تمام عہدیداران کارکن ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے اخلاص کے ساتھ اتحاد و اتفاق پیدا کرے اور نتائج اللہ پر چھوڑ دیں جے ٹی آئی کی جانب سے جماعت کی بحالی میں کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ذیلی تنظیم پرانی مقام حاصل کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

گوادر، بلوچستان نیشنل پارلیمنٹ کے صدر محمد علی حمید کی سربراہی میں وفد کا گوادر پورٹ کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

قلات پولیس کی کارکردگی قابل ستائش ہے، میر منیر احمد شاہوانی

ایس پی ارباب امجد کاسی کی سربراہی میں پولیس ٹیم بہترین کارکردگی دکھارہی ہے

قلات (این این آئی) قبائلی رہنما چیئرمین شہری ایکشن کمیٹی وصدر انجمن تاجران میر منیر احمد شاہوانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ قلات پولیس کی کارکردگی قابل ستائش ہے ایس پی ارباب امجد کاسی کی سربراہی میں پولیس ٹیم بہترین کارکردگی دکھارہی ہے خصوصاً گزشتہ دنوں بازار سے موبائل چوری میں ملوث بین الصوبائی گروہ کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرکے ان سے مسروقہ موبائل برآمد کرنے پر ڈی ایس پی غلام حسین باجوئی ایس او حبیب نیچاری اور ایڈیشنل ایس ایچ او تاج محمد کی کارکردگی کو سراہتے ہیں اور ایسے آفیسران قابل تعریف ہے انہوں نے کہا کہ چوری اور بدعنوانی میں ملوث افراد کی بیخ کنی بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

پاکستان تاریخ کے بدترین دور سے گزر رہا ہے، حاجی خان محمد

موجود نااہل حکمران نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے عوام کا بیڑا غرق ہے

کوئٹہ (پ ر) معروف سیاسی سماجی وقبائلی شخصیت پاکستان نیشنل پارٹی کے صوبائی ریکارڈ سیکرٹری حاجی خان محمد نے اپنے رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان تاریخ کے بدترین دور سے گزر رہا ہے موجود نااہل حکمران نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے عوام کا بیڑا غرق ہے مگی معضیت مجسم ہو کر رہ گئی ہے ملک کے نااہل ترین سیاست دان نے کنٹینروں پر چڑھ کر عوام سے بلند بانگ دعوے کئے عوام کو پاکستان کا نیا خواب دیکھایا ایسی ایسی باتیں کیں جن پر عمل ایک خواب ہی ہوسکتا ہے انہوں نے کہا کہ آج صورت حال آپ کے سامنے ہی موجودہ سلیکٹیڈ حکومت بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

کوئٹہ مختلف پارٹیوں کے سیاسی وقبائلی رہنما، سماجی رہنما، زین العابدین خان خلجی کو ضلع کوئٹہ کا چیئرمین زکوٰۃ وعشر کمیٹی بننے پر مبارک باد دیتے ہوئے معانقہ کررہے ہیں

حاجی عبدالرسول مینگل کو بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی میں شمولیت پر مبارک باد پیش کرتے ہیں، محمد عارف قندرانی

کنگر (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے ضلعی صدر محمد عارف قندرانی سینئر نائب صدر کامریڈ مختیار بزدار جونیئر نائب صدر مقبول گل محمد شہی جنرل سیکرٹری پیر بخش بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

محمد علی حمید کی سربراہی میں گوادر کے دورے پر آنے والے آٹھ رکنی وفد کا گوادر پورٹ کا دورہ

پاکستان آکر ہمیں بہت اچھا لگا، یہاں کے لوگ بہت محنتی ہیں، بریفنگ

گوادر (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارلیمنٹ کے صدر محمد علی حمید کی سربراہی میں گوادر کے دورے پر آنے والے آٹھ رکنی وفد نے آج گوادر پورٹ کا دورہ کیا۔ پورٹ کے احاطے میں واقع جائزہ بزنس سینٹر میں گوادر پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین نصیر خان کاشانی اور ادارہ ترقیات گوادر کے بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

یمن شادی کی تقریب میں بمباری 5 خواتین جاں بحق 7 افراد زخمی

یہ دھماکہ پروجیکٹ آئل پھٹنے سے ہوا، حکومت اور حوثیا غیوں نے ایک دوسرے پر دھماکے کی ذمہ داری عائد کی ہے

جارحیت پسند فورسز اپنے جرائم کی ذمہ داری دوسروں پر ڈالنے سے کبھی نہیں ہچکچاتی ہیں

عدن (آن لائن) یمن کے شہر الحدیدہ میں سال نو کے موقع پر شادی کی تقریب کے دوران ہال میں دھماکے کے نتیجے 5 خواتین جاں بحق جبکہ سات افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ یمنی حکام کے مطابق واقعہ بندرگاہی شہر الحدیدہ ائیرپورٹ کے نزدیک ایک گاؤں میں پیش آیا جب ایک شادی ہال میں تقریب کے دوران دھماکے کے نتیجے میں ہوا۔ یہ دھماکہ پروجیکٹ آئل پھٹنے سے ہوا۔ حکومت اور حوثیا غیوں نے ایک دوسرے پر دھماکے کی ذمہ داری بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

اوستا محمد، میر جان محمد خان جمالی، کمشنر عابد سلیم ڈی آئی جی شہاب عظیم کے ہمراہ وزیراعلیٰ بلوچستان کا دورہ اوستا محمد کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام نظریاتی محکوم ومظلوم اقوام کے دلوں کی دھڑکن اور ترجمان بن چکی ہے، عبدالقادر لونی

نام نہاد لیڈروں نے مفادات اور خود غرضی کے باعث جمہوریت اور سیاست کو یرغمال بنا کر رکھا ہے

کوئٹہ (این این آئی) گلگت بلتستان کے ممتاز سیاسی سماجی شخصیت و نمبردار کے مرکزی رہنما مولانا مفتی ثناء اللہ گلشنی کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت شمولیت کے موقع پر جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا مفتی شفیع الدین قاری عبداللہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مولوی عبدالرؤف حاجی حیات اللہ کاکڑ امیر اسلام آباد حافظ خیر محمد نائب امیر قاضی شمس الحق جمعیت نظریاتی کے مرکزی صدر عبدالرحیم صباء نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی محکوم ومظلوم اقوام کے دلوں کی دھڑکن اور ترجمان بن چکی ہے اور نظریاتی بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

غریب عوام پہلے ہی غربت اور مہنگائی کے دلدل میں دھنس چکے ہیں، حاجی شریف خان خلجی

سرکاری نرخوں پر صرف وہ اشیاء دستیاب ہیں جو انتہائی ناقص کوالٹی کی ہیں بلکہ استعمال کے قابل ہی نہیں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی شریف خان خلجی نے پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں مزید اضافہ کو مسترد کرتے ہوئے اسے انتہائی ظالمانہ اقدام قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ غریب عوام پہلے ہی غربت اور مہنگائی کے دلدل میں دھنس چکے ہیں اور اس غیر منصفانہ اقدام سے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا حکومت مہنگائی اور مافیا کو کنٹرول بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

سیاست میں ذاتی مفادات پارٹی میں عہدے کے لیے بھاگ دوڑ کے قائل نہیں، ملک مجید کاکڑ

ہم بی این پی مینگل میں اجتماعی مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں، ہماری پارٹی میں ہر رنگ نسل کے لوگ موجود ہیں

نورالائی (آن لائن) بی این پی مینگل کے مرکزی رہنما ملک مجید کاکڑ نے میڈیا کلب پریس کلب کے صحافیوں سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا سیاست میں ذاتی مفادات پارٹی میں عہدے کے لیے بھاگ دوڑ کے قائل نہیں۔ ہم بی این پی مینگل میں اجتماعی مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ ہماری پارٹی میں ہر رنگ نسل کے لوگ موجود ہیں انہوں نے کہا کہ ملک دلی جو کہ بی این پی کے مرکزی نائب صدر ہے انہوں نے گزشتہ الیکشن میں صرف بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

پیروانی محلہ نزدیک شیدی محلہ میں مین ہول لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار

اوتھل (نامہ نگار) پیروانی محلہ نزدیک شیدی محلہ میں مین ہول لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار اور اوپر لگائے جانے کے حوالے سے گزشتہ روز سوشل میڈیا پر خبر چلتے ہی میونسپل کمیٹی اوتھل کے چیف آفیسر حاجی محمد خان دودا نے نوٹس لے لیا مین ہول کی مرمتی کام کروا لیا اور مذید کام کی بھی بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

جمہوریت اور جمہوری اداروں کی بحالی کیلئے پاکستان پیپلز پارٹی کی طویل جدوجہد اور قربانیاں ہیں، دالبندین ایری

پیپلز پارٹی کے قائدین سے لیکر جیالوں تک قربانیوں کی ایک طویل فہرست ہے اس لئے تو پیپلز پارٹی کو شہیدوں کی پارٹی کہا جاتا ہے

بھاگ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل بھاگ کے صدر دالبندین ایری ضلع بگٹی کے نائب صدر انعام علی ایری، پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ضلع بولان بگٹی کے صدر محمد فضل ساسولی، جنرل سیکرٹری کامریڈ منظور احمد ایری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ جمہوریت اور جمہوری اداروں کی بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے اور عوامی بہبود پر یقین رکھتی ہے، شیخ بلال خان مندوخیل

بجلی اور دیگر اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے، عوام اس فیصلے کو مسترد کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر شیخ بلال خان مندوخیل نے بجلی، پیٹرولیم مصنوعات اور دیگر اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی اور دیگر اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافہ ظلم ہے، عوام اس فیصلے کو بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

کوئٹہ پاکستان ڈاکٹرز پی ڈی ایم اے ضلعی عاملین، اسسٹنٹ کمشنر شیر علی کرشنہ، سرمری سے جاں بحق ہونے والے خواتین کے لواحقین سے تعزیت کررہے ہیں

دالبندین پولیس کی کاروائی قتل کے کیس میں ملوث تین مفرور ملزمان گرفتار

دالبندین (این این آئی) دالبندین پولیس کی کاروائی قتل کے کیس میں ملوث تین مفرور ملزمان گرفتار کر لیا ایس ایچ او دالبندین عبدالستار سالانی کے مطابق دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ کامیاب کاروائی کرتے ہوئے عبدالرؤف، منیر احمد، اور شبیر احمد کو گرفتار کر لیا ملزمان نے کلی خدائے رحیم میں فائرنگ کرکے خدا نور نامی شخص کو قتل کر دیا تھا مزید تحقیقات جاری ہے۔

اوتھل اور لاکھڑا میں دو الگ الگ خونی تصادم، ایک شخص جاں بحق

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل اور لاکھڑا میں دو الگ الگ خونی تصادم، ایک شخص جاں بحق دو خواتین سمیت 8 افراد زخمی، پولیس نے دونوں واقعات کا مقدمہ درج کرکے مزید تحقیقات شروع کردی، تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل سے 20 کلومیٹر دور نواحی علاقے لاکھڑا میں گھسی اور میر جت قبیلے کے بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

جنرل نظریات مولانا عبدالقادر لونی مفتی شفیع الدین کو کامیاب دوروں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مفتی محمد ناصر مینگل

کنگر (نامہ نگار) جنرل نظریات مولانا عبدالقادر لونی مفتی شفیع الدین کو کامیاب دوروں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں جمعیت نظریاتی قلات تحصیل طلباء اسلام نظریاتی قلات کا اہم اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر فضل اللہ عمرانی کے ہمراہ اجلاس میں جماعت منظم کرنے کیلئے مختلف بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

بجلی کی بندش سے پانی کی قلت کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کر گیا ہے، مولانا رمضان مینگل

صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) اہل سنت والجماعت وسنی علماء کونسل بلوچستان کے صدر مولانا رمضان مینگل نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر بالخصوص گاڑی خان چوک، مینگل آباد اور گردونواح میں محکمہ واپڈا کی جانب سے بجلی کی بندش اور اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے عوام کی مشکلات بڑھ گئی ہے اس سلسلے میں واپڈا حکام کو بارہا مسائل سے آگاہ کیا گیا ہے تاہم مسئلہ جوں کے توں ہے ہم ایک بار پھر کیسکو چیف ودیگر بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

کھیلوں کا انعقاد صحت مند معاشرے کے تشکیل کے لئے انتہائی ضروری ہے، اورنگ زیب خان اچکزئی

کھلاڑیوں کے مسائل کے حل کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا، فیلڈ آفیسر یو این ایچ سی آر

سرانان (آن لائن) یو این ایچ سی آر کے فیلڈ آفیسر اورنگ زیب خان اچکزئی نے کہا ہے کہ کھیلوں کا انعقاد صحت مند معاشرے کے تشکیل کے لئے انتہائی ضروری ہے کھیلوں کے میدان آباد رکھنے کے لئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے نوجوان ہمارا سرمایہ ہے نوجوانوں کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے دور رکھنے کے لئے کھیلوں کی جانب راغب کرنا ہوگا کھلاڑیوں کے مسائل کے حل کے بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

اوستہ محمد اور پس گردائی میں سخت شدید سردی کی لہر بجلی اور گیس ناپید لوگ سردی میں ٹھٹھر گئے

شدید سردی کی لہر بجلی اور گیس نا ہونے کی وجہ سے لوگ لکڑیاں اور گوبر استعمال کرنے پر مجبور ہوگئے

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد اور پس گردائی میں سخت شدید سردی کی لہر بجلی اور گیس ناپید لوگ سردی میں ٹھٹھر گئے، تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد اور پس گردائی میں شدید سردی کی لہر بجلی اور گیس نا ہونے کی وجہ سے لوگ لکڑیاں اور گوبر استعمال کرنے پر مجبور ہوگئے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ اس شدید سردی میں گیس اور بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ سخت شدید سردی کی لہر بجلی اور گیس ناپید لوگ سردی میں ٹھٹھر گئے۔

موٹروے پولیس ایک مثالی ادارہ ہے اور وہ روڈ سیفٹی کے حوالے سے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے، مدثر وحید ملک

انسانی جان کی قیمت کا کوئی متبادل نہیں انسانی جان اور اسکی حفاظت نہ صرف ریاست کی ذمہ داری ہے

خضدار (آن لائن) کمشنر قلات ڈویژن مدثر وحید ملک نے کہا ہے کہ انسانی جان کی قیمت کا کوئی متبادل نہیں انسانی جان اور اسکی حفاظت نہ صرف ریاست کی ذمہ داری ہے بلکہ اس کے لئے انسان کو خود بھی اپنی جان کی حفاظت کے ساتھ دوسروں کے جان کی بھی حفاظت کرنی چاہئے لیکن افسوس کہ ہماری قیمتی جانیں ہماری اپنی لاپرواہی اور خود غرضی کی بھینٹ چڑھ جاتی ہیں ان خیالات بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

چمن، سرحد پر ونگ کمانڈر کرنل سلمان کی جانب سے غریب عوام میں لنگر تقسیم کیا جارہا ہے

بڑھتی مہنگائی نے غریب عوام کا جینا حرام کر رکھا ہے، قیوم ایڈووکیٹ

حکومت نے نئے سال کا آغاز بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے کیا ہے جو قابل مذمت ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے وائس چیئرمین قیوم بادینی ایڈووکیٹ نے پارٹی کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب عوام کا جینا حرام کر رکھا ہے ہر شخص پریشان ہیں اور غریب عوام کی قوت خرید جواب دے گئی ہے غریب لوگ خودکشیوں پر مجبور ہو رہے ہیں انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت وقت کو غریب عوام کی بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

ارباب ناصر حیدر کاسی ایک پرامن اور شریف النفس شہری ہیں، ملک نواز کاسی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان یوتھ ہیں موومنٹ کے صوبائی صدر ملک نواز کاسی، اپنی جنرل سیکرٹری اجمل زہری، صوبائی پریس سیکرٹری محمد اصغر سلیمانی نے پاکستان یوتھ ہیں موومنٹ کے چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاسی بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ارباب کامران کاسی نے بلنٹہ کو کارڈیالوجی، میڈیسن وارڈز اور لیبارٹری کا دورہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ارباب کامران کاسی نے بلنٹہ کو کارڈیالوجی، میڈیسن وارڈز اور لیبارٹری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈی ایم ایس ایڈمن ڈاکٹر جاوید اختر، ڈی ایم ایس جنرل ڈاکٹر محبوب قمبرانی، اے ایم ایس ڈاکٹر غلام سرور، آر ایم او جنرل ڈاکٹر حفیظ سیال، نرسنگ سپرنٹنڈنٹ بابر انصاری اور دیگر معززین بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

اسپورٹس کے فروغ کے لئے حکومت بلوچستان خصوصی توجہ دے رہی ہے، میر غلام قادر عالیانی

اسپورٹس کا فروغ ہی مثبت سوچ اور صحت مندانہ سرگرمیوں کے رجحان کو بڑھانے میں معاون ثابت ہوتا ہے

لسبیلہ (خ ن) محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام آل پاکستان الحاج جام میر غلام قادر عالیانی مرحوم میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ 21-2020ء کا شاندار فٹ بال میچ الحاج جام میر محمد یوسف عالیانی فٹ بال اسٹیڈیم اوتھل میں کھیلا گیا، فٹبال میچ اوتھل ایف سی کلب اور بیلہ اسٹار فٹ بال کلب کے درمیان کھیلا گیا، اوتھل ایف سی کلب نے 7-1 سے بیلہ اسٹار کو شکست دی میچ کے مہمان خاص لسبیلہ کے اسپورٹس دوست و لسبیلہ کی معروف سماجی شخصیت ڈاکٹر عبدالحکیم لاہی تھے۔ مہمان خاص کا گراؤنڈ آمد پر ٹورنامنٹ کمیٹی کے چیف آرگنائزر حسین علی جاموت، جمعہ خان زہری، محمد ابراہیم جاموت ودیگر اسپورٹس ممبر نے شاندار استقبال کیا بعد ازاں مہمان خاص کا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے فرداً فرداً تعارف کرایا گیا۔ مہمان بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

سمگلنگ میں ملوث عناصر کیخلاف سخت اقدامات کیے جائیں، وزیراعظم

سمگلڈ تیل کی فروخت کی وجہ سے معیشت کو 100 سے 150 ارب روپے سالانہ نقصان پہنچ رہا ہے

انسداد اسمگلنگ اقدامات سے محصولات میں اضافہ ہوگا جو کہ غریب عوام کی فلاح پر خرچ ہوسکے گا، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ سمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین اقدامات کیے جائیں۔ وزیراعظم آفس کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت انسداد سمگلنگ کیلئے حکومتی اقدامات کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا۔ وفاقی وزیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد، معاون خصوصی شہزاد اکبر، معاون خصوصی برائے محصولات ڈاکٹر وقار مسعود خان، کامرس، پیٹرولیم، بحری امور اور داخلہ ڈویژن کے سیکریٹریز، چیئرمین ایف بی آر اور اعلیٰ سول و عسکری حکام اجلاس میں شریک بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

کوئٹہ بلوچستان بار کونسل کے منتخب ممبران میر قاسم بلیدی کھوسہ، کوئٹہ بار ایسوسی ایشن صدر اقبال کاکی اور پاکستان بار کونسل کے ممبر حاجی کاکڑ کراچی پر میڈیا سے بات کر رہے ہیں

صوبائی حکومت بنیادی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کررہی ہے، سردار غلام فاروق شیخ

وزیراعلیٰ بلوچستان نواب جام میر کمال خان کی قیادت میں صوبہ ترقی کی کے مناظر طے کررہا ہے

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر ضلعی رہنما چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ کا اوتھل کے علاقے کھواری موضع ذرکہ میں رشید شیخ گوٹھ کا دورہ، علاقائی لوگوں سے ملاقاتیں کیں اور انکے مسائل سنے، علاقائی لوگوں نے چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور کہا کہ ہمارے علاقے میں پانی کا شدید بحران ہے اور یہاں پانی کی کوئی سہولت موجود نہیں جس سے گوٹھ کے مکین کافی پریشان ہیں، چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ نے کہا کہ انشاء اللہ بہت جلد بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

ماضی میں مقتدر اداروں کو گالیاں دینے والے آج وزیراعظم کے منصب پر فائز ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

انصار الاسلام جیسے غریب پرور رفاحی اور رضاکار تنظیم کے خلاف باتیں کرنا غیر آئینی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیلشکی مولانا محمد ایوب حافظ مسعود احمد حافظ شبیر احمد مدنی حاجی ولی محمد بزنجو حاجی ظفر اللہ کاکڑ سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ سالار حافظ مجیب الرحمن ملانیل چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو حاجی صادق الدین ایڈووکیٹ بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

سالانہ ہنگسٹر سپر لیگ رنگارنگ تقریب کے ساتھ اختتام پزیر ہوگیا

گنداواہ (نامہ نگار) سالانہ ہنگسٹر سپر لیگ رنگارنگ تقریب کے ساتھ اختتام پزیر ہوگیا۔ فائنل کی تقریب میں اسپورٹس آفیسر فیروز احمد خلجی، کوچ شبیر احمد کھوسہ و استاد فدا حسین ترین پاپوڈو اتھارٹی، عصمت اللہ گھوڑو نے بطور مہمان شرکت کی۔ فائنل میچ مرحوم میر محمد یوسف ایڈووکرکٹ بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

خاموش اور پرسکون ماحول میں بیٹھ کر اپنی پسند کی کوئی کتاب پڑھنا بھی نعمت ہے، پرنس اللہ نور جمالدینی

نوجوان کتابوں کو ساتھ لیکر آگے بڑھیں معاشرہ میں شعور اجاگر کرنے کیلئے تعلیم کا بہت بڑا کردار ہے

نوشکی (آن لائن) ممتاز قبائلی و سماجی رہنما پرنس اللہ نور جمالدینی کلی جمالدینی سکول میں قائم سردار عصمت اللہ جمالدینی لائبریری کا معائنہ کیئے۔ اس موقع پر میر مسعود جمالدینی، نذیر جمالدینی، حق نواز جمالدینی، کامریڈ جمیل بلوچ، ارشد بلوچ سمیت نوجوان وکلاء کے عمائدین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر پرنس اللہ نور جمالدینی نے کہا کہ نوجوان کتابوں کو ساتھ لیکر آگے بڑھیں معاشرہ میں شعور اجاگر کرنے کیلئے تعلیم کا بہت بڑا کردار ہے۔ خاموش اور پرسکون ماحول میں بیٹھ کر اپنی پسند کی کوئی کتاب پڑھنا بھی نعمت ہے۔

مستونگ کامیاب لیویز امیدواروں کا لسٹ جلدی جاری کیا جائے، میر شوکت علی

مستونگ (نمائندہ خصوصی) میر شوکت علی بگٹی زادہ نیاز عارف اسماعیل، چیف عادل دھوار، نواب زادہ سراج بلوچ، ودیگر نے لیویز پوسٹ کے لئے ٹیسٹ وانٹرویو دینے والے بے روزگار نوجوانوں کے لئے ڈی جی لیویز بلوچستان سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیویز پوسٹس کا فائنل کامیاب امیدواران کا میرٹ لسٹ جلدی جاری کیا جائے تاکہ گزشتہ کئی سالوں سے بے روزگار نوجوان جو ان پوسٹوں پر بھرتی ہونے کے انتظار بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

جمعیت علمائے اسلام تاجر برادری کی شانہ بشانہ کھڑی ہے، مولانا راز محمد محمد حسنی

تاجر برادری کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کرینگے

مولانا محمد طاہر توحیدی بزارگنجی میں تاجر برادری کو تحفظ فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام تاجر برادری کی شانہ بشانہ کھڑی ہے تاجر برادری کو درپیش مسائل و مشکلات کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کرینگے مولانا محمد طاہر توحیدی بزارگنجی میں تاجر برادری کو تحفظ فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے قاری رحمت اللہ زیشان جمعیت علمائے اسلام نے ہر دور میں قیام امن کیلئے پولیس انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا ہے مولانا راز محمد محمد حسنی حافظ محمد ابراہیم محمد حسنی ودیگر کوئٹہ ( ) جمعیت علما اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسائی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

حلقہ انتخابات میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا رکھا ہے، عبدالخالق ہزارہ

ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی ہ